# سالانہ رپورٹ

## مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

© rasailojaraid.

برائے سال

۲۰۰۰-۱۹۹۹ء

مرتب:

محمود عالم میاں (مدیر عمومی)

© rasailojaraid.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

الحمد للہ اس سال بھی مجھے مرکزی انجمن کی سالانہ رپورٹ مرتب کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ جس وقت یہ رپورٹ آپ کی خدمت میں پیش کی جائے گی ہم سب اس وقت ان شاء اللہ مرکزی انجمن کے 28 ویں سالانہ اجلاس کے لئے جمع ہو چکے ہوں گے۔ اس اجلاس میں تشریف آوری پر میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر سے نوازے۔

میرے نزدیک مرکزی انجمن کا اٹھائیسواں سالانہ اجلاس دراصل رجوع الی القرآن تحریک کا اٹھائیسواں سنگ میل ہے۔ اس تحریک کے بانی اور صدر مؤسس نے قرآن حکیم کے علم و حکمت کو عام کرنے کے لئے جو کام اٹھائیس برس پہلے شروع کیا تھا‘ اللہ تعالیٰ کی خاص تائید اور نصرت کی بدولت اب اس کی وسعت بہت زیادہ ہو چکی ہے اور اس کے پھیلاؤ اور دائرۂ کار میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اس سلسلے میں ابلاغ کے جتنے بھی جدید ذرائع ہیں ان کو استعمال کیا جا رہا ہے۔ وڈیو اور آڈیو کیسٹس تو پہلے ہی قریباً دنیا کے ایک بڑے حصے میں پہنچ چکے تھے اب انٹرنیٹ کے استعمال کی بدولت محترم ڈاکٹر صاحب کے خطباتِ جمعہ ‘ دروسِ قرآن اور تقاریر فوری طور پر دنیا میں اکثر مقامات پر سنے جا سکتے ہیں۔ اس میں مزید پیش رفت کمپیوٹر CDs کی ہے ‘ جن میں بہت زیادہ مواد ایک چھوٹی سی Disk میں جمع کر دیا گیا ہے جس سے کمپیوٹر رکھنے والے حضرات نہایت سہولت کے ساتھ استفادہ کر سکتے ہیں۔ اب اس میں Video CDs کا بھی اضافہ ہو چکا ہے۔ انگریزی دان طبقہ کے لئے بہت سا مواد انگریزی میں بھی دستیاب ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری مساعی کو شرفِ قبولیت بخشے اور اپنی تائید اور نصرت ہمارے شاملِ حال رکھے۔

موجودہ رپورٹ میں سال 2000-1999ء کے دوران مرکزی انجمن کے تمام شعبہ جات کی کارکردگی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ارکانِ انجمن کی موجودہ تعداد

© rasailojaraid.com

اور مالیات سے متعلق آڈٹ شدہ گوشوارے بھی اس رپورٹ میں شامل کئے گئے ہیں۔
ملک کے چھ بڑے شہروں میں اللہ کے فضل و کرم سے منسلک انجمنیں قائم ہیں' ان کی مختصر کارکردگی بھی درج کر دی گئی ہے۔ ایسے حضرات کے لئے جو پوری رپورٹ پڑھنے کا وقت یا میلان نہ رکھتے ہوں' 2000-1999ء کی سرگرمیوں کا ایک اجمالی خاکہ بھی علیحدہ درج کر دیا گیا ہے۔

انجمن کی نئی ہیئت انتظامیہ کی تشکیل 1994ء میں کی گئی تھی جس میں مجلس شوریٰ اور مجلس عاملہ کی الگ الگ باڈیز تشکیل دی گئی تھیں۔ سال 2000ء میں ان دونوں مجالس کے تمام اجلاس باقاعدگی سے منعقد ہوتے رہے۔ اس طرح سال 2000ء میں مجلس شوریٰ کے چار اور مجلس عاملہ کے آٹھ اجلاس منعقد ہوئے۔ کیونکہ جس ماہ مجلس شوریٰ کا اجلاس ہو اس ماہ مجلس عاملہ کا اجلاس منعقد نہیں کیا جاتا۔ اس نئی ہیئت کے تحت ہر دو سال بعد شوریٰ کے نصف ارکان کا انتخاب ہوتا ہے۔ ان شاء اللہ اس دفعہ سالانہ اجلاس کے موقع پر نصف ارکان کے انتخاب کے لئے الیکشن ہو گا۔

مجلس شوریٰ کے رکن ہمارے بہت اچھے' مخلص اور فعال کارکن جناب میجر (ر) احسن رؤف صاحب 11 / اپریل 2000ء کو قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ اِنّا للہ واِنّا الیہ راجعون۔ مرحوم بہت نیک اور بہت سی خوبیوں کے مالک انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے' آمین۔

قرآن اکیڈمی میں تعمیرات کے ضمن میں مسجد جامع القرآن کے صحن کو' جس پر چھت گزشتہ سال ڈال دی گئی تھی' اس سال بڑی عمدگی اور نفاست کے ساتھ کسی قدر ضروری تعمیری کام کے اضافہ کے ذریعے باقاعدہ ہال کی شکل دے دی گئی ہے۔ اس طرح بارش کے پانی کا مسجد کے صحن میں دور تک آجانے کا ایک دیرینہ مسئلہ بھی حل ہو گیا ہے۔ علاوہ ازیں' مسجد کے main ہال کو کسی حد تک ایئر کنڈیشنڈ بھی کرا لیا گیا ہے جس سے لوگوں کو گرمیوں میں بہت سہولت حاصل ہو گئی ہے۔

سال 2000-1999ء کے دوران مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا اجمالی خاکہ اور تفاصیل آئندہ صفحات میں درج کر دی گئی ہیں۔ لیکن اختتام سے پہلے میں چاہتا ہوں کہ ان تمام حضرات کا تہہ دل سے شکریہ ادا کروں جو اس تحریک رجوع الی القرآن کے فروغ

© rasailojaraid.com

اور اس کی نشر و اشاعت میں کسی درجہ میں بھی مددگار ثابت ہوئے۔

اس میں سرفہرست اور اس تحریک کے روحِ رواں تو محترم صدر مؤسس جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب ہیں، جنہوں نے یہ پودا لگایا اور پھر اپنی دن رات کی محنت شاقہ سے اس پودے کو سینچا، جس کے نتیجے میں اب یہ ایک مثمر درخت کی شکل میں ہمارے سامنے ہے۔ ان کا اجر تو اللہ تعالیٰ کے ہاں محفوظ ہے لیکن اس عالم اسباب میں نتیجہ ان کے لئے صحت کی خرابی اور مختلف عوارض کی شکل میں ظاہر ہوا۔

اسی طرح مرکزی انجمن کے ناظم اعلیٰ جناب قمر سعید قریشی صاحب بھی شکریہ کے مستحق ہیں جن کی اب ہمہ وقت خدمات مرکزی انجمن کو حاصل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو بہترین اجر عطا فرمائے۔

© rasailojaraid.com

مزید برآں مجلس شوریٰ کے معزز ارکان اور مجلس عاملہ کے محترم ناظمین کا شکریہ بھی مجھ پر واجب ہے کہ وہ اپنا وقت اور توانائیاں انجمن کے مشن کے لئے صرف کر رہے ہیں۔ تمام ارکانِ انجمن اور ایسے تمام حضرات بھی جو انجمن کے لئے مالی انفاق کرتے ہیں، ہمارے لئے اپنے دل میں اچھے جذبات رکھتے ہیں اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھتے ہیں، دلی شکریہ کے مستحق ہیں۔ اس کے علاوہ تمام ملازمین انجمن بھی شکریہ کے مستحق ہیں جو اپنی ذمہ داریاں گہرے احساسِ فرض کے ساتھ ادا کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں ان سب کا اجر محفوظ ہے اور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو بہتر سے بہتر جزا عطا فرمائے۔

محمود عالم میاں
(مدیر عمومی)

© rasailojaraid.com

# سال2000-1999ء کی سرگرمیاں

## (اجمالی خاکہ)

تفصیلی رپورٹ پڑھنے کے لئے میلان طبع نہ رکھنے والے احباب کے لئے سال 2000-1999ء کی سالانہ رپورٹ کا ایک اجمالی خاکہ پیش خدمت ہے۔

☆ سال2000-1999ء کے دوران مرکزی انجمن خدام القرآن کے حلقہ محسنین میں 5' حلقہ مستقل ارکان میں 1 اور حلقہ عام ارکان میں 4 کا اضافہ ہوا۔

☆ مرکزی انجمن کے سب سے اہم شعبہ ''اکیڈمک ونگ'' کے زیر انتظام سال2000-1999ء کے دوران 4 نئی کتابیں شائع کی گئیں جس میں ایک اہم کتاب ''ایجاد و ابداع عالم سے عالمی نظام خلافت تک تنزل اور ارتقاء کے مراحل'' ہے جو صدر موسس کا اہم و قیع علمی مضمون ہے۔ دوسری اہم کتابیں صدر موسس کے فکر انگیز خطاب'' جہاد فی سبیل اللہ'' اور ''پاکستان فیصلہ کن دوراہے پر'' ٹیپ سے منتقل کر کے شائع کی گئیں۔ الہدیٰ کیسٹ سیریز کے 8 نئے کتابچے شائع کئے گئے اور 71 کتب کے نئے ایڈیشن اغلاط کی تصحیح کے ساتھ شائع ہوئے۔ ماہنامہ ''میثاق'' ماہنامہ ''حکمت قرآن'' اور ہفت روزہ ''ندائے خلافت'' کی اشاعت باقاعدگی سے جاری رہی۔

کتب و جرائد کے علاوہ ہینڈ بلز' اخباری وغیر اخباری اشتہارات' پوسٹرز اور سٹیشنری کی طباعت کے ضمن میں کمپیوٹر کمپوزنگ اور کاپی پیسٹنگ کا کام قرآن اکیڈمی میں انجام پاتا ہے جبکہ طباعت کا تمام کام بازار سے کرایا جاتا ہے۔ متعلقہ امور کی انجام دہی کے لئے شعبہ اکیڈمک ونگ کے پاس مستعد سٹاف کے علاوہ تین عدد کمپیوٹر اور ایک عدد لیزر پرنٹر موجود ہے۔

☆ شعبہ انگریزی کے تحت سال 2000-1999ء کے دوران سہ ماہی انگریزی مجلّہ ''The Quranic Horizons'' کے شمارے باقاعدگی سے شائع ہوتے رہے۔ منتخب نصاب انگریزی کی ... 38 کیسٹ تک مکمل کر لئے گئے۔ عمران این حسین صاحب کی

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

کتاب "The Religion of Abraham And the State of Israel A View form the Quran'' کا اردو ترجمہ کیا گیا جو ماہنامہ حکمتِ قرآن میں''دین ابراہیمی اور ریاست اسرائیل۔ قرآن مجید کی روشنی میں'' کے عنوان سے بالاقساط شائع ہوا۔

''Genesis of Pakistan'' کے حوالے سے شائع ہونے والے مضامین کے جوابات تیار کر کے انگریزی اخبارات کو فیکس کیے جاتے رہے۔

☆ قرآن اکیڈمی لائبریری میں دوران سال 833 کتب کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 812 بطور عطیہ موصول ہوئیں اور 21 کتب بازار سے خریدی گئیں۔ اس طرح لائبریری میں کتابوں کی کل تعداد 7819 ہوگئی۔ اس سال بھی کتب کی درجہ بندی اور کیٹلا گنگ کا کام جاری رہا۔ لائبریری سے اس سال قریباً 622 کتب کا اجراء ہوا۔ اس وقت ارکان لائبریری کی کل تعداد 52 ہے۔ لائبریری میں روزانہ 5 اردو اور 3 انگریزی اخبار آتے ہیں۔ اس کے علاوہ دوران سال ہفتہ وار، ماہانہ اور سہ ماہی شائع ہونے والے رسائل اور جرائد مجموعی طور پر قریباً 1932 کی تعداد میں موصول ہوئے۔

☆ مرکزی انجمن کی دعوت رجوع الی القرآن کا مرکز مکتبہ ہے۔ دوران سال مکتبہ نے کتب و جرائد اور وڈیو/ آڈیو کیسٹس کی فروخت و ترسیل کا کام عمدگی سے جاری رکھا۔ ماہنامہ میثاق' حکمت قرآن، ہفت روزہ ندائے خلافت اور سہ ماہی انگریزی مجلّہ The Qurainc Horizons کی بلا تاخیر ڈیسپیچ (despatch) کو یقینی بنایا گیا۔ دوران سال مرکزی انجمن اور تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام منعقد ہونے اجتماعات کے علاوہ باغ جناح' پنجاب یونیورسٹی اور فاسٹ انسٹی ٹیوٹ آف کمپیوٹر سائنسز میں منعقد ہونے والے میلوں میں مکتبہ انجمن کی کتب' کیسٹس اور CDs کے بھرپور سٹالز کا اہتمام کیا گیا۔ مکتبہ انجمن کی کتب کو مارکیٹ میں بڑے پیمانے پر متعارف کرانے کے لئے انہیں لاہور شہر کے معروف بک سیلرز کے پاس رکھوانے کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔ اس سال مکتبہ انجمن نے =/169` 675 روپے کی کتب'

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

=/927 869 روپے کی ویڈیو، آڈیو کیسٹس اور CDs اور =/812 783 روپے کے جرائد فروخت کیے۔ اس طرح مجموعی طور پر یہ سیل =/908 28 23 روپے رہی۔

☆ مرکزی انجمن نے ایسے خواتین و حضرات کے لئے جو قرآن اکیڈمی یا قرآن کالج میں حاضر ہونے سے قاصر ہیں شعبہ خط و کتابت کورسز قائم کر رکھا ہے۔ اس شعبہ نے اب تک پانچ کورسز پیش کیے ہیں (1) قرآن حکیم کی فکری و عملی رہنمائی (2) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول) (3) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم) (4) ابتدائی عربی گرامر (حصہ سوم) (5) ترجمہ قرآن کریم کورس۔ ان کورسز کی بہت پذیرائی ہوئی ہے اور ان کے شرکاء میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ اول الذکر کورس کے شرکاء کی تعداد 3366 تک پہنچ چکی ہے۔ عربی گرامر کورس کے شرکاء کی تعداد بالترتیب 1903، 243 اور 98 تک پہنچ چکی ہے۔ ترجمہ قرآن کریم کورس میں اب تک شرکاء کی تعداد 656 ہو چکی ہے۔ دوران سال ان کورسز کو مکمل کرنے والوں کی تعداد بالترتیب 29، 34، 14، 15 اور 27 رہی۔

☆ مرکزی انجمن کے شعبہ سمع و بصر نے سال 2000-1999ء کے دوران دروسِ قرآن اور خطابات کی آڈیو/ ویڈیو کیسٹ ریکارڈنگ اور کیسٹس کی کاپیاں تیار کرنے کا معمول کا کام بہت خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ اس طرح سال بھر مکتبہ کو اس کی ضروریات کے مطابق کیسٹس کی سپلائی جاری رہی۔

اس سے قبل یہ شعبہ مختلف موضوعات پر CDs تیار کرتا رہا ہے لیکن اس سال مزید ایک قدم آگے بڑھا کر صدر موسس کے خطاب ''پاکستان فیصلہ کن دوراہے پر'' کی ویڈیو سی ڈی تیار کی گئی۔ بحمد اللہ یہ پاکستان میں کسی عالم دین کی پہلی ویڈیو CD ہے۔ اس کے علاوہ قاری محمد صدیق المنشاوی اور قاری محمد خلیل الحصری کی آواز میں پوری قرآن مجید کی تلاوت کی CD بھی تیار کی گئی۔

شعبہ سمع و بصر جدید ترین ٹیکنالوجی اور ذرائع ابلاغ کو بروئے کار لاتے ہوئے internet کے ذریعے دعوت رجوع الی القرآن کو پھیلانے میں سرگرم ہے۔ ہماری Website بحمد اللہ روز بروز ترقی کر رہی ہے اور اس کے قارئین اور سامعین کی تعداد میں مسلسل

اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کے ذریعے محترم صدر موسس کا خطاب جمعہ بھی پوری دنیا میں سنا جا سکتا ہے۔

اس سال ایک نیا پروگرام ''حقیقتِ دین'' کے نام سے ٹی وی پر نشر ہونا شروع ہوا۔ اس پروگرام میں صدر موسس کا درس قرآن نشر کیا جاتا ہے۔ یہ پروگرام اگرچہ پاکستان ٹیلی ویژن تیار کرتا ہے تاہم شعبہ سمع و بصر اس پروگرام میں پاکستان ٹیلی ویژن کی معاونت کرتا ہے۔

☆ اس سال آئی سی ایس کے لئے بورڈ سے کالج کا الحاق کرالیا گیا اور لاہور بورڈ نے ''ایف اے'' ''آئی کام'' اور آئی سی ایس کے لئے کالج کے الحاق میں 30 اپریل 2001ء تک توسیع کر دی ہے۔ دوران سال کالج میں ایف اے' آئی کام' جنرل سائنس' اور آئی سی ایس کی کلاسوں میں 89 طلبہ نے داخلہ لیا۔ اسی طرح بی اے سال اول میں 8 طلبہ داخل ہوئے۔ ایک سالہ رجوع الی القرآن کلاس میں شرکاء کی تعداد 40 رہی۔ حسب معمول میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات سے فارغ طلبہ کے لئے اسلامک جنرل نالج ورکشاپ کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں شرکاء کی تعداد 17 رہی۔ اچھی کارکردگی دکھانے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ دوران سال طلبہ کی نصابی سرگرمیوں کے علاوہ ہم نصابی سرگرمیاں' تحریری و تقریری اور کھیلوں کے مقابلے بھی جاری رہے۔ اچھی پوزیشن والے طلبہ کو اسناد اور انعامات سے نوازا گیا۔ یونیورسٹی کے امتحانات میں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ کا تناسب 50% رہا۔ بورڈ کے امتحانات میں یہ تناسب 46% رہا۔ کالج کے پاس اس وقت بہترین کمپیوٹر لیب موجود ہے۔ کالج لائبریری میں اس وقت کل 2092 کتابیں ہیں۔ دوران سال 289 کتابوں کا اضافہ ہوا۔

قرآن کالج کے طلبہ کے لئے ایک بہترین ہاسٹل موجود ہے' جس میں رہائش کی عمدہ سہولتیں مہیا کی گئی ہیں۔ یہاں پر تعلیمی سرگرمیوں اور کھیلوں پر بھی توجہ دی جاتی ہے۔ قرآن کالج ہاسٹل ہونے کے ناطے یہاں پر طلبہ کی اخلاقی' دینی' ذہنی تربیت اور نشوونما کی طرف خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

☆ مرکزی انجمن کے شعبہ ایڈمن نے گزشتہ سال کے دوران ڈاک' ریکارڈنگ' ماہوار

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

تنخواہوں کی تیاری، قرآن اکیڈمی میس، ہاسٹل کی نگرانی اور سٹاف کی نگرانی جیسی معمول کی ذمہ داریوں کو عمدگی سے ادا کیا- اس کے علاوہ مرکزی انجمن کی مختلف ضروریات کے لئے گورنمنٹ کے دفاتر کے ساتھ رابطہ کا کام بڑی خوش اسلوبی سے سرانجام دیا- مرکزی انجمن کے شعبہ اکاؤنٹس وکیش نے اپنے مختصر عملہ کے باوجود اپنی جملہ ذمہ داریاں نہایت عمدگی سے ادا کیں-

☆ جامع القرآن قرآن اکیڈمی میں اس مرتبہ دورہ ترجمہ قرآن کی ذمہ داری صدر موسس مرکزی انجمن خدام القرآن جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ادا کی- اس پروگرام میں لوگوں کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی اور اسے بہت پسند کیا گیا- شعبہ حفظ کی کارکردگی بھی تسلی بخش رہی اور اس سال 24 بچوں نے حفظ کی سعادت حاصل کی-

© rasailojaraid.co

## اراکین انجمن کی موجودہ تعداد

| | | |
|---|---|---|
| موسسین ومحسنین | = | 394 |
| مستقل ارکان | = | 183 |
| عام ارکان | = | 438 |
| کل تعداد | = | 1015 |

© rasailojaraid.co

# شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

## اکیڈمک ونگ

قرآن اکیڈمی کے اکیڈمک ونگ کے تحت اس وقت مندرجہ ذیل چار شعبے کام کر رہے ہیں :

① شعبہ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید

② شعبہ انگریزی

③ شعبہ کتابت و طباعت (بشمول کمپیوٹر کمپوزنگ)

④ قرآن اکیڈمی لائبریری

### ① شعبہ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید

مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیر اہتمام شائع ہونے والے اردو جرائد (ماہنامہ میثاق' ماہنامہ حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت) کے جملہ ادارتی امور' مثلاً مضامین کی تالیف اور editing' محترم صدر مؤسس کے دروس و خطابات کو ٹیپ سے صفحۂ قرطاس پر منتقل کر کے انہیں مرتب کرنا اور مضامین کی پروف ریڈنگ وغیرہ جیسے امور اس شعبہ کی ذمہ داری ہیں۔ چنانچہ یہ شعبہ ہر ماہ دو ماہانہ جرائد (میثاق اور حکمت قرآن) اور ہفت روزہ ندائے خلافت کے چار شمارے شائع کرنے کا اہتمام کرتا ہے۔

مزید برآں یہ شعبہ مرکزی انجمن کی جملہ کتب (نئی یا پرانی) کی تیاری اور ان کی اشاعت کا بھی ذمہ دار ہے۔ چنانچہ نئی کتابوں کو مرتب (edit) کرنا' پرانی کتابوں میں سے جس کے بارے میں ضرورت محسوس ہو اس پر نظر ثانی کرتے ہوئے از سر نو مرتب کر کے نئی کمپوزنگ اور نئے ایڈیشنز کی اشاعت سے پہلے ان کی اغلاط کی تصحیح کرانا اسی شعبے کی ذمہ داری ہے۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

2000 - 1999ء کے دوران اس شعبے کی کارگزاری کا مختصر جائزہ درج ذیل ہے :

## رسائل و جرائد

i) میثاق : دورانِ سال ماہنامہ میثاق کے 12 شمارے باقاعدگی سے شائع ہوئے۔

iii) حکمتِ قرآن : حکمت قرآن جنوری' فروری 2000ء کا مشترکہ شمارہ شائع ہوا۔ اس طرح سالِ گزشتہ کے دوران حکمت قرآن کے کل گیارہ پرچے شائع ہوئے۔

iii) ندائے خلافت : ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت میں باقاعدگی رہی۔ صرف عیدالفطر' عیدالاضحیٰ' نومبر 99ء میں تنظیم اسلامی کی مرکزی مشاورت اور اپریل 2000ء میں سالانہ اجتماع کی وجہ سے سال بھر میں چار شمارے شائع نہیں ہوئے۔

© rasailojaraid.c

## اشاعتِ کتب

☆ محترم ڈاکٹر اسرار احمد کا ایک نہایت وقیع علمی مضمون "ایجاد و ابداعِ عالم سے عالمی نظامِ خلافت تک تنزل اور ارتقاء کے مراحل" کتابی صورت میں شائع کیا گیا۔

☆ صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد کا ایک نہایت جامع خطاب "جہاد فی سبیل اللہ : اصل حقیقت' اہمیت و لزوم اور مراحل و مدارج" ٹیپ سے اتار کر مرتّب کر کے کتابی صورت میں شائع کیا گیا۔ خطاب میں بیان ہونے والی احادیثِ نبویہؐ کی تخریج بھی کی گئی۔

☆ صدر مؤسس کا ایک فکر انگیز خطاب "پاکستان فیصلہ کن دوراہے پر" ٹیپ سے اتار کر کتابی صورت میں شائع کیا گیا۔

☆ ندائے خلافت میں شائع ہونے والے سلسلہ مضامین "قرضوں کی جنگ" کو ترتیب و تسوید کے مراحل سے گزار کر کتابی صورت میں شائع کیا گیا۔

☆ آسان عربی گرامر حصہ سوم کا نظر ثانی و اضافہ و ترمیم شدہ ایڈیشن نئی کمپوزنگ کے ساتھ شائع کیا گیا۔

☆ مندرجہ ذیل کتب کے نئے ایڈیشن شائع کیے گئے :

© rasailojaraid.c

مطالباتِ دین، اسلام میں عورت کا مقام، معراج النبی ﷺ، مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب، عزمِ تنظیم، مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق، تعلم اللغۃ العربیہ، عظمتِ قرآن، عظمت صیام و قیام رمضان، قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں، عید الاضحیٰ اور فلسفۂ قربانی، فرائض دینی کا جامع تصور، شہید مظلوم، جہاد فی سبیل اللہ، سانحہ کربلا، زندگی موت اور انسان، خطبۂ نکاح، تنظیم اسلامی کی دعوت

☆ مطالعہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب کے دروس نمبر 11، 12، 13، 27، 28، 29، 30، 31 پر مشتمل الہدیٰ کیسٹ سیریز کے کتابچے شائع کیے گئے۔

## ② شعبۂ انگریزی

1) سہ ماہی مجلّہ "The Quranic Horizons" کے شماروں کی اشاعت میں باقاعدگی رہی، تنظیم اسلامی نارتھ امریکہ (TINA) کے سالانہ اجتماع کے باعث اپریل۔جون 2000ء کا شمارہ شائع نہیں ہو سکا، تاہم اگلا شمارہ چھ ماہ کا ہو گا۔

© rasailojaraid.co

2) عمران این حسین صاحب کی کتاب

*"The Religion of Abraham and the State of Israel — A View from the Quran"*

کا اردو ترجمہ ”دین ابراہیم اور ریاست اسرائیل، قرآن مجید کی روشنی میں“ کے عنوان سے ماہنامہ حکمت قرآن میں شائع کیا گیا۔ یہ مضمون مئی 99ء سے دسمبر 99ء کے دوران سات اقساط میں شائع ہوا۔

3) رینڈ کارپوریشن کی رپورٹ کا اردو ترجمہ ”ندائے خلافت“ میں شائع کیا گیا۔

4) امیر محترم کے دورۂ امریکہ کی رپورٹ کا اردو ترجمہ ”ندائے خلافت“ میں شائع کیا گیا۔

5) مطالعہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب (انگریزی) کے فائنل پروف 38 کیسٹ تک مکمل کیے گئے۔

6) عرفان اقبال صاحب کے دورۂ اسلام آباد کی انگریزی رپورٹ کا اردو ترجمہ ندائے خلافت کے لئے تیار کیا گیا۔

© rasailojaraid.co

7) بین الاقوامی کالم نگار اور براڈ کاسٹر ایرک مارگولس (Eric Margolous) کی انگریزی تحریر "Forgotten Chechens Face Extermination" کا اردو ترجمہ ندائے خلافت میں اشاعت کے لئے تیار کیا گیا۔

8) قرآن کالج لاہور کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کی رپورٹنگ شائع کی گئی۔

9) e-mail کے ذریعے موصول ہونے والے "بیجنگ پلس 5" شیطانی ایجنڈے کا اردو ترجمہ ندائے خلافت کے لئے تیار کیا گیا۔

10) e-mail کے ذریعے موصول ہونے پر بابری مسجد کو شہید کرنے والے ہندو "شیو پرشاد" کے قبول اسلام اور توبہ کے روح پرور واقعے کا اردو ترجمہ برائے ندائے خلافت کیا گیا۔

© rasailojaraid.co

11) مختلف اخبارات میں Genesis of Pakistan کے حوالے سے شائع ہونے والے مضامین کے بطور "Re-Joinder" جوابات تیار کرکے اخبارات کو بغرض اشاعت فیکس کئے جاتے رہے جو مختلف انگریزی اخبارات میں شائع ہوئے۔

12) روزانہ e-mail کی وصولی و ترسیل کا کام بھی شعبہ انگریزی کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔

13) ڈاکٹر اسرار صاحب کے خطاب جمعہ کا انگریزی پریس ریلیز بیرون ملک e-mail کے ذریعے جبکہ انگریزی اخبارات کو بذریعہ فیکس ارسال کیا جاتا ہے۔

## ③ شعبہ کتابت و طباعت (بشمول کمپیوٹر کمپوزنگ)

مرکزی انجمن کے زیر اہتمام شائع ہونے والے چاروں جرائد' جملہ کتب اور ہینڈ بلز وغیرہ کے علاوہ ہر قسم کے اشتہارات' پوسٹرز' سرکلرز اور سٹیشنری وغیرہ کی تیاری اور طباعت کا انتظام یہی شعبہ سرانجام دیتا ہے۔ اس ضمن میں کمپیوٹر کمپوزنگ اور کاپی پیسٹنگ وغیرہ کا تمام کام اکیڈمی ہی میں مکمل کیا جاتا ہے اور طباعت (Printing) کا کام بازار سے کرایا جاتا ہے۔ مرکزی انجمن کے مختلف شعبہ جات کے علاوہ بعض منسلک انجمنوں' تنظیم اسلامی اور تحریک خلافت سے متعلق بیشتر طباعتی مواد کی تیاری اور طباعت کا انتظام بھی اسی شعبہ کے تحت ہے۔

© rasailojaraid.co

تمام متعلقہ امور کی انجام دہی کے لئے شعبہ کے پاس تجربہ کار اور مستعد سٹاف موجود ہے۔ شعبہ کے پاس تین کمپیوٹر موجود ہیں جن پر اردو' عربی اور انگریزی کمپوزنگ کا کام ہوتا ہے۔

## ④ قرآن اکیڈمی لائبریری

☆ **کتب** : یکم جولائی 1999ء کو لائبریری کے داخلہ رجسٹر (Accesion Register) کے مطابق لائبریری میں موجود کتب کی تعداد 6986 تھی۔ دوران سال 833 نئی کتب کا اندراج ہوا' جن میں سے 812 کتب عطیہ میں موصول ہوئیں اور 21 بازار سے خریدی گئیں' جن کی کل قیمت 2411 روپے ہے۔ اس طرح 30 جون 2000ء تک کتب کی کل تعداد 7819 ہو گئی۔

☆ **درجہ بندی' کیٹلاگنگ** : دورانِ سال درجہ بندی اور کیٹلاگنگ کا کام جاری رہا۔ سال کے دوران تقریباً 300 کتب کی کیٹلاگنگ اور درجہ بندی کی گئی۔ اسی طرح ان کتب کے کارڈ تیار کر کے کیٹلاگ کیبنٹ میں لگائے گئے۔

☆ **اجرائے کتب** : دوران سال لائبریری سے تقریباً 622 کتب کا اجراء ہوا۔ مزید برآں ایک کثیر تعداد میں رکن اور غیر رکن حضرات نے لائبریری اوقات کے دوران کتب و رسائل سے استفادہ کیا۔

☆ **اراکین لائبریری** : سال کے شروع میں لائبریری کے ارکان کی تعداد 60 تھی۔ ان میں قرآن کالج اور قرآن اکیڈمی کے متعلقین' قرآن کالج کے طلبہ اور عمومی ارکان شامل تھے۔ سال کے آخر میں کچھ طلبہ قرآن کالج سے فارغ ہو گئے ہیں۔ اس طرح لائبریری کے ارکان میں 8 افراد کی کمی ہوئی۔ ارکان کی تعداد اب تقریباً 52 ہے۔

## رسائل' جرائد' اخبارات

2000-1999ء کے دوران لائبریری میں ہر ماہ تقریباً 127 ہفتہ وار' ماہانہ اور سہ ماہی رسائل و جرائد باقاعدگی سے موصول ہوئے۔ یہ رسائل و جرائد بالعموم حکمت قرآن' میثاق اور ندائے خلافت کے تبادلہ میں موصول ہوتے ہیں۔ دورانِ سال مجموعی

© rasailojaraid.com

طور پر 1932 رسائل و جرائد موصول ہوئے، جن کا لائبریری میں مکمل ریکارڈ موجود ہے۔

لائبریری میں روزانہ پانچ اردو اخبار اور تین انگریزی اخبار مستقل آتے ہیں۔ محترم صدرِ مؤسس، امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مدّ ظلہ العالی کے خطاباتِ جمعہ، دیگر انٹرویوز اور مضامین کے ریکارڈ کے لئے مزید اخبارات بھی حاصل کئے جاتے ہیں۔ خصوصاً ہفتہ کے روز اضافی طور پر 7 اخبار خریدے جاتے ہیں۔

## اخباری تراشوں کی فائلنگ

اخبارات میں شائع ہونے والے صدر مؤسس، امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے بیانات اور آرٹیکلز، مرکزی انجمن خدام القرآن، تحریک خلافت اور تنظیم اسلامی کے متعلق شائع ہونے والی خبروں کی کٹنگ ریکارڈ کے طور پر محفوظ کرلی جاتی ہیں۔

© rasailojaraid.com


ملکی و بین الاقوامی حالات پر قرآن و سنت کی روشنی میں
متوازن و غیر جانبدار تجزیوں اور دیگر مفید مضامین کے لئے

تحریک خلافت پاکستان کے نقیب ـــــ انقلابی صحافت کے علمبردار

ہفت روزہ **ندائے خلافت** لاہور

کا مطالعہ کیجئے

جس کے مستقل مضامین میں معروف دینی سکالر و رہنما ڈاکٹر اسرار احمد کے خطاب جمعہ کی تلخیص اور ہلکے پھلکے مضامین کے علاوہ علمی، دینی، معلوماتی، تحریکی مضامین اور تحریکی رپورٹیں بھی شامل ہوتی ہیں۔

قیمت فی شمارہ : 3 روپے          سالانہ زرتعاون : 175 روپے

خود بھی سالانہ خریدار بنئے اور دوسروں کو بھی ترغیب دیجئے


© rasailojaraid.com

# مکتبہ

## 2000-1999ء

سال 2000-1999ء میں مکتبہ انجمن کی معمول کی سرگرمیاں بحسن و خوبی جاری رہیں۔ ہفت روزہ ندائے خلافت' ماہنامہ میثاق' حکمت قرآن اور سہ ماہی انگریزی مجلّہ The Quranic Horizons کی اشاعت کے بعد مستقل خریداروں کو بروقت اور بلاتاخیر ترسیل کا سلسلہ جاری رہا۔ تنظیم اسلامی اور مرکزی انجمن کے اجتماعات خصوصاً آڈیٹوریم میں محترم صدر مؤسس کے ہفتہ وار درسِ قرآن کے مواقع پر کتب و کیسٹس کے سٹالز کا اہتمام بھی کیا جاتا رہا۔ اس کے علاوہ دورانِ سال باغِ جناح' پنجاب یونیورسٹی اور فاسٹ انسٹی ٹیوٹ آف کمپیوٹر سائنسز میں منعقد ہونے والے میلوں میں بھی مکتبہ انجمن کی کتب و کیسٹس اور CDs کے بھرپور سٹالز کا اہتمام کیا گیا' جن سے ہمارا لٹریچر اور دروس و خطابات کے کیسٹس / CDs کا وسیع پیمانے پر تعارف ہوا۔

مکتبہ انجمن کی کتب کو مارکیٹ میں بڑے پیمانے پر متعارف کرانے کے لئے انہیں شہر لاہور کے معروف بک سیلرز کے پاس رکھوانے کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔ ان میں فیروز سنز' لائن آرٹ پریس' ماورا بک فاؤنڈیشن' سنگ میل پبلشرز اور مکتبہ تعمیر انسانیت قابل ذکر ہیں۔ لیکن ان بک سیلرز کی طرف سے ہماری کتب کے ضمن میں کوئی خاطر خواہ response دیکھنے میں نہیں آیا۔

سال زیر نظر میں مکتبہ انجمن میں =/6,75,169 روپے کی کتب' 8,69,927 روپے کی آڈیو ویڈیو کیسٹس اور CDs اور 7,83,812 روپے کے جرائد فروخت ہوئے۔ اس طرح مجموعی طور پر یہ سیل =/23,28,908 روپے رہی۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

# شعبہ خط و کتابت کورسز

## 1) شعبہ کا اجراء

ایسے طلبہ و طالبات اور خواتین و حضرات جو بیرونِ ملک مقیم ہیں یا لاہور سے باہر ہیں یا جن کے لئے کسی وجہ سے قرآن کالج / قرآن اکیڈمی لاہور میں حاضری ممکن نہیں ' ان کے لئے خط و کتابت کورسز ترتیب دیئے گئے ہیں ' تاکہ گھر بیٹھے سہولت کے ساتھ اپنے فارغ وقت میں عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کر سکیں اور درج ذیل کورسز سے استفادہ کر سکیں :

i) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی

ii) ابتدائی عربی گرامر (حصّہ اول)

iii) ابتدائی عربی گرامر (حصّہ دوم)

iv) ابتدائی عربی گرامر (حصّہ سوم)

v) ترجمۂ قرآن کریم کورس

© rasailojaraid.co

پہلے کورس کا آغاز جنوری 1988ء میں کیا گیا۔ اس کورس کا مقصد خواتین و حضرات اور طلبہ و طالبات کو قرآن حکیم کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کے جامع اور ہمہ گیر تصور سے متعارف کرانا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ یہ کورس خوب زور و شور سے جاری ہے اور اس میں حصّہ لینے والوں کی تعداد 3366 تک پہنچ چکی ہے۔ بیرونِ ملک اس کورس کا اجراء سعودی عرب میں جدہ ' مکہ مکرمہ ' مدینہ منورہ ' ریاض ' ذہران اور الواسیع میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ابوظبی ' دوبئ ' شارجہ ' راس الخیمہ ' انگلینڈ ' فرانس ' کینیڈا ' امریکہ اور ناروے میں بھی کورس سے استفادہ کیا جا رہا ہے۔

دوسرے کورس (حصّہ اوّل) کا اجراء نومبر 1990ء میں کیا گیا۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے کے لئے ابتدائی عربی گرامر کا جاننا ناگزیر ہے۔ اس کورس کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو عربی گرامر کے بنیادی اصولوں سے اس حد تک متعارف کرا دیا جائے کہ قرآن اور حدیث سے براہِ راست استفادے کے لئے انہیں ایک بنیاد حاصل ہو جائے۔ یہ کورس

© rasailojaraid.co

بھی بہت مقبول ہوا اور اس کے شرکاء کی تعداد 1903 تک پہنچ چکی ہے۔ یہ کورس بیرون پاکستان کئی ملکوں میں جاری ہو چکا ہے۔

اس کورس کے حصہ دوم کا آغاز بھی اکتوبر 92ء میں کر دیا گیا تھا۔ اس میں طلبہ کی تعداد 243 تک پہنچ چکی ہے۔ جبکہ حصہ سوم کا آغاز مارچ 97ء میں ہوا' اس میں فی الوقت طلبہ کی تعداد 98 تک پہنچ چکی ہے۔

## 2) ترجمہ قرآن کریم کورس

1996ء میں شعبہ خط و کتابت کورسز میں ایک نئے کورس بعنوان "ترجمہ قرآن کریم کورس" کا اجراء کیا گیا۔ یہ کورس خاص طور پر نوجوانوں کے لئے جاری کیا گیا ہے' یعنی سکول اور کالج کے طلبہ و طالبات جو اردو میں لکھ پڑھ سکتے ہوں۔

آج کل کے مادی دور میں زندگی کا مقصد حصولِ دنیا ہی بنا لیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام بھاگ دوڑ صرف دُنیاوی تعلیم کے حصول کے لئے ہوتی ہے اور یوں نئی نسل اکثر و بیشتر قرآن و سُنّت اور دینی تعلیمات سے بے بہرہ رہ جاتی ہے۔

نوجوانوں' بچوں اور بچیوں کو ترجمہ قرآن سکھانے کے لئے ایک طریقہ وضع کیا گیا ہے۔ ایسے بچے اور بچیاں اپنے گھر میں مناسب اور فارغ (Convenient) وقت میں چند منٹ صرف کر کے قرآن کریم کا ترجمہ سیکھ سکتے ہیں اور تقریباً ڈیڑھ سال کے عرصہ میں اسے مکمل کر کے قرآنی تعلیمات اور احکامات سے کسی حد تک آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔ کورس کے اختتام پر کامیاب طلبہ و طالبات کو سند جاری کی جاتی ہے۔ کورس کی فیس بہت کم یعنی صرف 100 روپے رکھی گئی ہے۔ فروری 1996ء سے اب تک اس کورس میں 656 طلبہ اور طالبات داخلہ لے چکے ہیں اور 47 طلبہ و طالبات کورس مکمل کر کے سند حاصل کر چکے ہیں۔

## 3) ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے اقدام

ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز بڑی جانفشانی اور محنت سے ان کورسز کو چلا رہے ہیں دورانِ سال انہوں نے ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے مسلسل اقدامات کئے۔ روزنامہ جنگ اور پاکستان میں دو دفعہ اشتہار دیئے گئے۔ حکمت قرآن اور میثاق میں وقفہ وقفہ سے اشتہارات شائع کئے گئے۔ تنظیم اسلامی کے امراء اور نقباء کے علاوہ لاہور کی

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

بڑی بڑی لائبریریوں کے انچارجز کو خطوط لکھے گئے۔ ان کی ان کاوشوں کے نتیجہ میں ان کورسز کے شرکاء کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔

## 4) دوران سال داخلہ لینے اور کورسز مکمل کرنے والوں کی تعداد

(جولائی 99ء تا جون 2000ء)

**1) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس :**

| | |
|---|---|
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 113 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 29 |

**2) عربی گرامر کورس (حصہ اول) :**

| | |
|---|---|
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 142 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 34 |

**3) عربی گرامر کورس (حصہ دوم) :**

| | |
|---|---|
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 31 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 14 |

**4) عربی گرامر کورس (حصہ سوم) :**

| | |
|---|---|
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 17 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 15 |

**5) ترجمہ قرآن کریم کورس :**

| | |
|---|---|
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 127 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 27 |

© rasailojaraid.c

# شعبہ سمع وبصر

## معمول کی سرگرمیاں

گزشتہ سال کے دوران مکتبہ انجمن کو ڈیمانڈ کے مطابق آڈیو وڈیو کیسٹس اور CDs فراہم کی گئیں اور صدر مؤسس کے خطاباتِ جمعہ اور دیگر دروس وخطابات ریکارڈ کیے گئے۔

## خصوصی سرگرمیاں:

(1) فرمانِ نبوی۔ ٹی وی پروگرام : شعبہ سمع و بصر کے تیار کردہ پروگرام پاکستان ٹیلی ویژن سے نشر کیے گئے۔ ہمارے شعبہ نے 16 پروگرام تیار کیے تھے جن کو پاکستان ٹیلی ویژن تقریباً چھ ماہ تک repeat کر کے دکھاتا رہا۔

(2) حقیقتِ دین۔ ٹی وی پروگرام : "حقیقت دین" کے نام سے محترم صدر مؤسس کے دروسِ قرآن کا سلسلہ ٹیلی ویژن پر نشر ہونا شروع ہوا جو کہ تا حال جاری ہے۔ یہ پروگرام ہفتہ میں دو دن' Ptv پر اتوار کو صبح ساڑھے نو بجے اور Ptv world پر جمعہ کی شام کو ساڑھے چھ بجے نشر کیے جاتے ہیں۔ Ptv world پر یہ پروگرام بذریعہ سٹیلائٹ کئی ممالک میں دیکھا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ پروگرام پاکستان ٹیلی ویژن تیار کرتا ہے اور نشر کرتا ہے تاہم شعبہ سمع و بصر اس پروگرام میں پاکستان ٹیلی ویژن کی معاونت کرتا ہے۔

(3) کمپیوٹر CDs : گزشتہ سال کے دوران امیر محترم صدر مؤسس کی ایک وڈیو سی ڈی "پاکستان ایک فیصلہ کن دوراہے پر" تیار کی گئی۔ محترم صدر مؤسس کی یہ تقریر اپریل میں تنظیم اسلامی کے سالانہ اجتماع میں ریکارڈ کی گئی تھی۔ اس کو بعد میں بڑے پیمانے پر عام کیا گیا۔ بحمد اللہ پاکستان میں کسی عالم دین کی تقریر کی یہ پہلی وڈیو CD ہے۔ اِن شاء اللہ مستقبل میں مزید آڈیو و وڈیو CDs تیار کرنے کا ارادہ ہے۔

اسی طرح تلاوتِ قرآن حکیم کی ایک CD بھی تیار کی گئی ہے' جس میں قاری محمد صدیق المنشاوی اور قاری محمد خلیل الحصری کی آواز میں پورے قرآن پاک کی تلاوت مع

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

متن موجود ہے۔

(4) <u>کوالٹی کنٹرول</u> : گزشتہ سال کے دوران شعبہ میں کیسٹس اور آواز کی کوالٹی کو بہتر کرنے کا خاص خیال رکھا گیا۔ اس مقصد کے لئے شعبہ میں مزید اسٹاف کا اضافہ کیا گیا اور اب ہر کیسٹ کو چھ جگہ سے سنا جاتا ہے تاکہ خرابی کا کوئی احتمال نہ رہے۔ اسی طرح اب آڈیو کیسٹس کو پلاسٹک ریپر کی پیکنگ میں بند کیا جاتا ہے تاکہ اس کا فیتہ موسم کے تغیر اور نمی سے متاثر نہ ہو۔ محترم صدر مؤسس کے پرانے خطابات اور دروس جو کہ آج سے تقریباً بیس پچیّس سال پرانے ہیں' اسپول سے اتار کر آڈیو کیسٹس پر محفوظ کئے جارہے ہیں۔ اسی طرح Audio Editing اور Video Editing کے لئے بھی کمپیوٹر مہیا کئے گئے۔ اور امیر محترم کی تمام آڈیوز کی از سرنو editing اور upgrading کا کام جاری ہے جس میں آج کل منتخب نصاب انگریزی کے دروس اور دورۂ ترجمہ قرآن 2000ء پر کام ہو رہا ہے۔ editing اور upgrading کے عمل سے گزارنے کے بعد آواز کی کوالٹی میں بہتری واضح طور پر محسوس کی جاسکتی ہے۔

(5) <u>انٹرنیٹ کا استعمال</u> : محترم صدر مؤسس کے دروس و خطابات انٹرنیٹ پر نشر کئے جارہے ہیں۔ ہماری Web site بحمد اللہ روز بروز ترقی کر رہی ہے اور اس کے قارئین اور سامعین کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ہماری اس site کی hosting کا خرچہ تنظیم اسلامی شمالی امریکہ کے ذمہ ہے۔ vistors کی تعداد میں اضافہ سے hosting اور Band-width usage کا خرچہ روز بروز بڑھتا جارہا تھا جو کہ چھ سو ڈالر ماہانہ تک پہنچ گیا تھا۔ اس سلسلہ میں ناظم شعبہ نے جون 2000ء میں امریکہ کا دورہ کیا اور دو ہفتہ کی ریسرچ کے بعد اسی خرچہ کو تقریباً 140 ڈالر ماہانہ تک لانے میں کامیاب ہو گئے' جبکہ ہماری سائیٹ کے حجم میں کمی کی بجائے خاطر خواہ اضافہ بھی ہوتا رہا۔ امید ہے کہ ان شاء اللہ جلد ہی اس خرچہ کو کم کر کے 100 ڈالر ماہانہ پر لے آیا جائے گا۔

آج کل ٹیکنالوجی جس تیزی سے ترقی پذیر ہے اس کے شانہ بشانہ چلتے ہوئے اللہ کی کتاب اور اس کے رسولؐ کی سنّت کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچانے کا عزم لئے ہوئے شعبہ اپنی سی کوشش میں دن رات مصروف ہے اور بفضل اللہ کسی حد تک کامیاب بھی ہے۔ تحدیث نعمت کے طور پر راقم کو یہ بات بتانے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہے کہ کم از کم

© rasailojaraid.com

میری معلومات کی حد تک پاکستان میں کسی بھی دینی تحریک اور جماعت کے پاس اس قدر Advanced اور High Tech شعبہ موجود نہیں ہے۔ ابھی تک کسی عالم دین کی CDs نظر نہیں آئیں اور نہ ہی آج تک کسی دینی ادارے کی recordings کو PTV نے اپنے نام سے broadcast کیا ہے۔ بحمد اللہ یہ شرف مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے شعبہ سمع و بصر کو حاصل ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کاوش کو شرفِ قبولیت بخشے اور ہمیں زیادہ سے زیادہ کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

---

## بقیہ : حرفِ اوّل

© rasailojaraid.co

---

صرف پاکستان کے طول و عرض میں دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگراموں میں ہر سال اضافہ ہوتا گیا بلکہ دیگر ممالک میں بھی اس طرح کے پروگرام رواج پذیر ہوئے۔ رواں ماہ رمضان المبارک میں دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگرام پاکستان بھر میں تقریباً ایک سو مقامات پر ہو رہے ہیں' جن میں شرکاء خوب ذوق و شوق سے شرکت کر رہے ہیں۔ کراچی میں بیس سے زائد مقامات پر اور لاہور میں چودہ پندرہ مقامات پر یہ پروگرام کامیابی سے جاری ہیں۔ اس ضمن میں کراچی کا حلقہ خواتین بھی بہت فعال کردار ادا کر رہا ہے اور شہر کے قریباً دس مقامات پر خواتین مدرسات دورۂ ترجمہ قرآن کی سعادت حاصل کر رہی ہیں۔ مرکزی انجمن خدام القرآن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد نیویارک میں (بزبان انگریزی) دورۂ ترجمہ قرآن کروا رہے ہیں۔ مزید برآں نیویارک اور شکاگو میں اردو زبان میں بھی دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگرام جاری ہیں۔ دورۂ ترجمہ قرآن کے یہ پروگرام نہ صرف طالبانِ قرآن کی قلبی و روحانی پیاس کی تسکین کا باعث بنتے ہیں بلکہ انہیں دین کے جامع انقلابی تصور سے روشناس کراتے ہیں اور ان میں جذبہ عمل بیدار کرتے ہیں۔ OO

© rasailojaraid.co

# قرآن کالج

## 1) نئے داخلے

1) کالج میں ایف اے، آئی کام، ایف اے جنرل سائنس اور آئی سی ایس کے داخلے اگست 99ء میں ہوئے۔ ان کلاسوں میں طلبہ کی کل تعداد 89 تھی، جن میں ایف اے کے 20، آئی کام کے 22، آئی سی ایس کے 43 اور ایف اے جنرل سائنس کے 4 طلبہ شامل ہیں۔

2) بی اے سال اوّل کے داخلے اکتوبر کے پہلے ہفتے میں شروع ہوئے۔ اس مرتبہ داخل ہونے والے طلبہ کی کل تعداد 8 تھی۔

3) ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے داخلے ستمبر میں اپنی تکمیل کو پہنچے۔ اس کورس میں شرکاء کی کل تعداد 40 تھی۔ جن میں 28 طلبہ اور 12 طالبات شامل تھیں۔

## 2) نئے داخل ہونے والے طلبہ سے صدر مؤسّس کا خطاب

قرآن کالج میں نئے داخل ہونے والے طلبہ کو کالج کے مقاصد اور فلسفہ و فکر سے آگاہ کرنے کی خاطر ایک خصوصی تقریب منعقد کی گئی، جس میں نئے طلبہ کے ساتھ ساتھ تمام دیگر طلبہ اور ٹیچنگ سٹاف نے بھی شرکت کی۔ اس تقریب میں مرکزی انجمن کے صدر مؤسس نے خطاب فرمایا اور مذکورہ بالا موضوع پر وضاحت سے روشنی ڈالی۔

## 3) اسلامک جنرل نالج ورکشاپ

حسب سابق اس مرتبہ بھی میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات سے فارغ طلبہ کے لئے دینی معلوماتی "اسلامک جنرل نالج ورکشاپ" کا اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ کا دورانیہ 8 مئی تا 3 جون 2000ء تک تھا، اس میں شریک ہونے والے طلبہ کی کل تعداد 17 تھی۔ اس ورکشاپ میں اچھی کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو ایک خاص تقریب میں نقد انعامات دیئے گئے۔ تقریب کی صدارت ناظم قرآن کالج جناب حافظ عاکف سعید صاحب نے کی۔

© rasailojaraid.c

## 4) ماہانہ و دیگر امتحانات

کالج میں ہر کلاس کے ماہانہ امتحانات باقاعدگی سے منعقد ہوئے اور ششماہی امتحان دسمبر 99ء میں منعقد ہوا۔

## 5) بورڈ اور یونیورسٹی کے امتحانات

1) پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام بی اے کے امتحانات اپریل میں منعقد ہوئے۔ کالج کی طرف سے 6 طلبہ نے امتحان دیا تھا' ان میں سے تین پاس ہوئے اور تین کی مختلف مضامین میں کمپارٹ آئی۔ اس طرح بی اے کے امتحان میں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ کا تناسب 50 فیصد رہا۔

2) بورڈ کے امتحانات منعقدہ مئی 99ء میں کالج کی طرف سے 70 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی' جن میں 21 آئی سی ایس' 11 ایف اے پارٹ I' 5 آئی کام پارٹ I' 19 ایف اے پارٹ II' اور 14 آئی کام پارٹ II کے طلبہ شامل تھے۔ ان میں سے 32 طلبہ پاس ہوئے اور مجموعی طور پر تقریباً 46 فیصد نتیجہ رہا۔ ان میں سے اول' دوم اور سوم آنے والے طلبہ نے بالترتیب 728' 681' اور 676 نمبر حاصل کئے۔

3) بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 2000ء میں کالج کی طرف سے 98 طلبہ نے شرکت کی' جن میں سے آئی سی ایس سال اول میں 40' آئی سی ایس سال دوم 17' ایف اے سال اول 12' ایف اے سال دوم 4' آئی کام سال اول 18' آئی کام سال دوم 5' اور ایف اے جنرل سائنس سال اول کے 2 طلبہ شامل تھے۔

## ہم نصابی سرگرمیاں

1) ہفتہ وار درسِ قرآن کا انعقاد : سال کے دوران مختلف موضوعات پر ہفتہ وار درسِ قرآن کریم باقاعدہ منعقد ہوتا رہا' جس میں جملہ اساتذہ کرام اور طلبہ کی شرکت لازمی ہوتی ہے۔ تذکیر بالقرآن کے لئے قرآن کالج کے اساتذہ کے علاوہ بیرونی مدرسین کی خدمات بھی گاہے بگاہے حاصل کی جاتی ہیں۔

2) ٹیوٹرل گروپس : ہر سال کالج میں ٹیوٹرل گروپس ترتیب دئے جاتے ہیں۔ ان

© rasailojaraid.com

گروپس کی ہر ہفتہ منگل کے دن چوتھے پیریڈ میں باقاعدگی سے میٹنگ ہوتی ہے۔

3) بزم ادب : سال کے دوران مندرجہ ذیل موضوعات پر انعامی مقابلہ جات منعقد ہوئے اور پوزیشن حاصل کرنے والے انعام کے مستحق قرار دیئے گئے۔

1) حسن قراءت 2) نعت خوانی 3) قرآن کوئز 4) جنرل نالج کوئز
5) سیرت کوئز

4) سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب : 19 / اپریل بروز بدھ قرآن آڈیٹوریم میں تقسیم انعامات کے سلسلے میں ایک پُروقار تقریب منعقد کی گئی۔ اس تقریب میں تقریری و تحریری مقابلوں، سپورٹس اور تعلیمی میدان میں پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلبہ کو اسناد، کپ، میڈل اور دیگر انعامات سے نوازا گیا۔ تقریب کی صدارت شعبہ فلسفہ پنجاب یونیورسٹی کے صدر اور قرآن اکیڈمی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ابصار احمد صاحب نے کی۔

© rasailojaraid.com

## 7) سالانہ کھیلوں کے مقابلے

اس سال بھی کالج میں سالانہ کھیلوں کے مقابلوں کا اہتمام کیا گیا۔ کھیلوں کے یہ مقابلے پنجاب یونیورسٹی سپورٹس گراؤنڈ میں منعقد کئے گئے۔ ان مقابلوں میں مندرجہ ذیل کھیل شامل کئے گئے :

1) کرکٹ 2) ہاکی 3) فٹ بال 4) بیڈمنٹن 5) ٹیبل ٹینس 6) کیرم بورڈ
7) والی بال 8) اتھلیٹکس

## 8) لاہور بورڈ سے الحاق و رجسٹریشن

محکمہ تعلیم پنجاب سے کالج کی رجسٹریشن کئی سال قبل اور affiliation دو سال قبل ہوگئی تھی۔ اس سال لاہور بورڈ نے ایف اے، آئی کام، اور آئی سی ایس کے لئے کالج کے الحاق میں 30 اپریل 2001ء تک توسیع کردی ہے جبکہ D.P.I کالجز پنجاب نے بھی 2001ء تک کالج کی رجسٹریشن میں توسیع کردی ہے۔

## 9) پنجاب یونیورسٹی سے الحاق

فی الحال پنجاب یونیورسٹی سے کالج کے الحاق کی کارروائی ملتوی کردی گئی ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ ہر سال بی اے میں بہت ہی کم تعداد میں داخلے ہوتے ہیں۔ اگر مستقبل

© rasailojaraid.com

میں داخلوں کی تعداد تسلی بخش ہوئی تو پھر اس سلسلے میں کارروائی کی جائے گی۔

## 10) لائبریری

کالج لائبریری میں اس وقت 2092 کتابیں ہیں۔ اس سال کے دوران 289 کتابوں کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 238 بطور عطیہ موصول ہوئیں اور 51 کتابیں بازار سے خریدی گئیں۔

## 11) کمپیوٹر لیب

کالج کی کمپیوٹر لیب جدید کمپیوٹرز پر مشتمل ہے اور اس میں تمام ضروری سہولیات موجود ہیں۔ دوران سال بورڈ اور D.P.I کالجز کی جانب سے آنے والی معائنہ ٹیموں نے کالج کی کمپیوٹر لیب کا معائنہ کیا۔ معائنہ ٹیموں نے کمپیوٹر لیب کو تسلی بخش قرار دیا۔

© rasailojaraid.c

## 12) آفس ریکارڈ

دورانِ سال بورڈ اور D.P.I کالجز کی جانب سے معائنہ ٹیموں نے قرآن کالج کا دورہ کیا اور آفس ریکارڈ کو درست اور تسلی بخش قرار دیا۔

---

## بقیہ : رسول کامل ﷺ

---

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبَ —— اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

اللہ تعالیٰ نے پھر فتح عطا فرمائی۔ یہ گویا کہ پورے جزیرہ نمائے عرب پر نبی اکرم ﷺ کی فیصلہ کُن فتح تھی۔

چنانچہ یہی ہے وہ عمل کہ جس کے نتیجے میں اظہارِ دین حق جزیرہ نمائے عرب کی حد تک پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا اور محمدؐ رسول اللہ ﷺ کی بعثت کا مقصد ملکِ عرب کی حد تک مکمل ہو گیا۔

فَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کثیراً کثیراً ٥٥

© rasailojaraid.c

# کالج ہاسٹل

قرآن کالج کا ہاسٹل ایک مثالی ہاسٹل ہے جہاں رہائش کی عمدہ سہولتیں مہیا کی گئیں ہیں۔ اس ہاسٹل میں 12 بڑے کمرے اور 11 چھوٹے کمرے ہیں' اس طرح قریباً 70 طلبہ کی رہائش کا بندوبست ہے۔ گزشتہ سال ہاسٹل میں قریباً 60 طلبہ رہائش پذیر رہے۔

اس ہاسٹل میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ کھیلوں پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ قرآن کالج کا ہاسٹل ہونے کے ناطے یہاں پر طلبہ کی اخلاقی' دینی' ذہنی تربیت اور نشوونما کی طرف توجہ دی جاتی ہے۔ چونکہ یہاں طلبہ ملک کے مختلف علاقوں سے آتے ہیں اس لئے کئی زبانوں اور ثقافتوں کی ترجمانی ہو جاتی ہے۔ ہاسٹل سے ملحقہ کوارٹرز میں وارڈن اور نائب وارڈن کی رہائش کا بندوبست کیا گیا ہے تاکہ طلبہ کی ہمہ وقت نگرانی اور دیکھ بھال کی جا سکے۔ ہاسٹل کے کمروں میں دیا جانے والا ساز و سامان معیار کے اعتبار سے دیگر ہاسٹلز سے کسی طرح کم نہیں اور یہ ہاسٹل جدید سہولیات سے آراستہ ہے۔ طلبہ کے لئے پنج وقتہ نماز کا باجماعت التزام' تلاوت کے اوقات کی پابندی' تذکیری اجتماعات اور دروسِ قرآن کے اجتماعات جیسے معمولات تربیتی پروگرام کے اہم جزو ہیں۔ فجر کی نماز اور تلاوت کے فوراً بعد مارننگ P.T کے لئے وقت مقرر ہے جس کا دورانیہ قریباً 30 سے 45 منٹ تک ہوتا ہے۔ ایوننگ گیمز میں کرکٹ' فٹ بال' ٹیبل ٹینس اور کیرم وغیرہ کے لئے وقت دیا جاتا ہے۔ نماز مغرب کے بعد سے نماز عشاء تک کا وقت کالج میں لازمی سٹڈی و ہوم ورک کے لئے مختص ہے۔

طلبہ کو اپنے معاملات خود چلانے کی عادت ڈالنے کے لئے ہاسٹل میں مانیٹر سسٹم رائج کیا گیا ہے اور مندرجہ ذیل مانیٹر مقرر کئے گئے ہیں :

(1) ناظم صلوٰۃ (2) ناظم طعام (3) ناظم ڈسپلن

ان مانیٹرز کے تعاون سے ہاسٹل کا نظام احسن طریقہ سے چل رہا ہے۔

© rasailojaraid.c

# جامع القرآن اور شعبہ حفظِ قرآن و ناظرہ

قرآن اکیڈمی کی جامع مسجد جامع القرآن میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے گزشتہ 16 برسوں سے ماہ رمضان المبارک کے دوران نماز تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۃ القرآن کا پروگرام باقاعدگی سے ہو رہا ہے۔ اس سال اس ذمہ داری کو صدر مؤسس مرکزی انجمن خدام القرآن ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے نہایت عمدگی اور جامعیت کے ساتھ ادا کیا۔ اس پروگرام سے لوگوں کی کثیر تعداد نے استفادہ کیا۔

جامع القرآن میں نماز فجر کے بعد ہفتہ میں چار دن درسِ قرآن کا معمول جاری رہا۔ جامع القرآن ہی میں قرآن اکیڈمی کے شعبہ حفظ کی کارکردگی امسال بھی بہت اچھی رہی۔ الحمدللہ اس سال 24 بچوں نے حفظ کی تکمیل کی۔ دوران سال سب سے کم عرصے میں حفظ کرنے والے طالب علم شرافت علی ولد سید لیاقت علی تھے جنہوں نے 6 ماہ کے قلیل عرصہ میں حفظ کی تکمیل کی۔ دوسرے نمبر پر خباب عبدالخالق ولد ڈاکٹر عبدالخالق رہے جنہوں نے اپنے حفظ کی تکمیل 11 ماہ اور 5 یوم میں کی۔ دوران سال شعبہ حفظ میں بچوں کی تعداد زیادہ سے زیادہ 64 اور کم سے کم 48 رہی۔ اس سال قریباً 44 بچوں کو داخلہ دیا گیا۔ ہاسٹل میں مقیم بچوں کی تعداد 15 سے 20 رہی۔ شعبہ حفظ قرآن کے علاوہ جامع القرآن میں عصر تا مغرب ناظرہ کلاس بھی ہوتی ہے۔ درجہ ناظرہ کے طلبہ و طالبات کی تعداد قریباً 15 رہی۔

© rasailojaraid.com

# ایڈمن

مرکزی انجمن خدام القرآن کے شعبہ ایڈمن نے گزشتہ دو سال کے دوران ڈاک ' ریکارڈ کیپنگ ' ماہوار تنخواہوں کی تیاری ' قرآن اکیڈمی میس ' ہاسٹل اور سٹاف کی نگرانی جیسی معمول کی ذمہ داریوں کو عمدگی سے ادا کیا۔ مرکزی انجمن خدام القرآن کے جو معاملات سرکاری دفاتر سے متعلق ہیں انہیں بہتر طور پر اٹینڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ قرآن آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والے مختلف پروگراموں میں ایڈمن نے اہم کردار ادا کیا۔

© rasailojaraid.

# اکاؤنٹس اور کیش سیکشن

شعبہ اکاؤنٹس اور کیش نے ہمیشہ کی طرح اپنے مختصر عملہ کے باوجود اکاؤنٹس کی تیاری کی ذمہ داری بطریق احسن ادا کی۔ دوران سال ماہانہ اور سالانہ اکاؤنٹس بروقت تیار کیۓ گۓ اور کیش جمع کرانے اور نکلوانے کے ساتھ ساتھ دیگر معاملات میں بینک کے ساتھ عمدگی سے رابطہ رکھا گیا۔

مرکزی انجمن کے شعبہ اکاؤنٹس نے سال 2000-1999ء کے فائنل اکاؤنٹس بروقت تیار کر کے آڈٹ کے لئے خارجی محاسب رحمٰن سرفراز اینڈ کمپنی کو پیش کر دیۓ ' جنہوں نے بہت قلیل مدت میں ہمارے فائنل اکاؤنٹس کو آڈٹ کر کے رپورٹ مہیا کر دی۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ خارجی محاسب کے طور پر رحمٰن سرفراز اینڈ کمپنی کی خدمات مرکزی انجمن کو اعزازی طور پر حاصل ہیں ' جس کے لئے انجمن ان کی بے حد شکر گزار ہے۔

اسی طرح مرکزی انجمن کے داخلی محاسب جناب ڈاکٹر عارف رشید صاحب نے بھی سال بھر میں اپنی اعزازی خدمات کو بڑی باقاعدگی اور عمدگی سے ادا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں محاسب حضرات کو بہترین اجر عطا کرے۔

© rasailojaraid.

# Income and Expenditure
## A/C for the year ended 30-06-2000

| رقم | | اخراجات | رقم | | آمدن |
|---|---|---|---|---|---|
| 450,219 | 80 | قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس (اخراجات منہا آمدن) | 924,886 | 82 | ماہانہ اعانت |
| 163,458 | 00 | ہاسٹل قرآن کالج (اخراجات منہا آمدن) | 3,726,555 | 83 | خصوصی دیگر اعانت |
| 512,504 | 21 | مکتبہ انجمن (اخراجات منہا آمدن) | 361,215 | 25 | خط وکتابت و دیگر کورسز کی فیس |
| 85,203 | 00 | قرآن کالج فار گرلز (اخراجات منہا آمدن) | | | |
| 5,327 | 00 | محاضرات قرآنی | | | |
| 16,997 | 00 | نقد امداد | 343,555 | 70 | دیگر آمدنی |
| 115,959 | 50 | دعوت وتبلیغ پبلسٹی | | | |
| 317,731 | 00 | مسجد | | | |
| 158,935 | 00 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل ومیس | | | |
| 879,833 | 00 | اسٹاف تنخواہ | | | |
| 303,972 | 52 | ٹیلی فون فیکس، بجلی پانی وگیس بل | | | |
| 203,610 | 00 | آڈیٹوریم | | | |
| 26,458 | 00 | اولڈ ایج بینیفٹ انسٹیٹیوشن | | | |
| 223,045 | 00 | مرمت اور مینٹیننس | | | |
| 151,698 | 50 | خط وکتابت ودیگر کورسز | | | |
| 545,981 | 00 | دیگر اخراجات | | | |
| 1,195.281 | 07 | آمدنی منہا اخراجات | | | |
| 5,356,213 | 60 | | 5,356,213 | 60 | |

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

# بیلنس شیٹ برائے سال 2000 - 1999ء

## Balance Sheet as on 30-06-2000

| Liabilites | | | Assets | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3,079,000 | 00 | فکسڈ فنڈ موسسین، محسنین اور مستقل اراکین کی یکمشت ادائیگی | 23,459,272 | 53 | مستقل اثاثہ جات وسرمایہ کاری |
| | | | 1,873,521 | 79 | مکتبہ مرکزی انجمن |
| | | | 1,029 | 60 | اسٹاک وسٹورز |
| 15,719,753 | 98 | بلڈنگ فنڈ | 4,302,669 | 90 | پیشگی رقوم و دیگرواجب الوصول رقم |
| 42,145 | 00 | تعلیمی قرضہ فنڈ | 30,930 | 00 | تعلیمی قرضہ برائے طلبہ |
| 11,312 | 00 | دیگر فنڈ | | | |
| 75,650 | 00 | سیکورٹی ڈیپازٹ | 3,614 | 00 | بینک میں موجودہ رقم |
| 30,000 | 00 | قابل ادائیگی اخراجات | 4,538 | 00 | امپریسٹ فنڈ |
| 10717714 | 84 | میزان کل آمد منہا اخراجات 30/جون 2000ء | | | |
| 29,675.575 | 82 | | 29,675,575 | 82 | |

© rasailojaraid.c

# مسلک انجمنوں کی کارکردگی کا مختصر جائزہ

## انجمن خُدّام القرآن سندھ ' کراچی

انجمن خدام القرآن سندھ 'کراچی کا قیام مئی 1986ء میں عمل میں آیا۔ انجمن سندھ کی چودہ برس کی مجموعی پیش رفت کا اجمالی جائزہ حسب ذیل ہے :

i۔ قرآن اکیڈمی کا قیام۔

ii۔ چھ ایک سالہ قرآن فہمی کورسز کا انعقاد۔

iii۔ مدرسۃ البنین و مدرسۃ البنات کے شعبہ جات کا آغاز۔

iv۔ شعبۂ سمع و بصر کا قیام۔

v۔ 1991ء سے تسلسل کے ساتھ رمضان المبارک میں دورۂ ترجمۂ قرآن کا انعقاد۔

vi۔ نگران انجمن کے دورۂ ترجمۂ قرآن کی کمپیوٹر CD کی تیاری۔

vii۔ شہر کے مختلف علاقوں میں عربی گرامر کلاسز کا انعقاد۔

viii۔ شہر کے مختلف علاقوں کے ویڈیو کی تیاری۔

ix۔ کیسٹ کلب کے ذریعے گھر گھر نگران انجمن کا خطاب جمعہ پہنچانے کا انتظام۔

x۔ عربی گرامر کلاسز کے ویڈیو کی تیاری۔

تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ

## سال 1999ء تا 2000ء کی کارکردگی کے قابل ذکر امور

**دورۂ ترجمۂ قرآن** : اس سال دورۂ ترجمہ قرآن کے تین مرکزی پروگرام ہوئے۔

1۔ مسجد جامع القرآن 'قرآن اکیڈمی' مترجم : جناب زین العابدین جواد صاحب

2۔ خواتین کلب P.E.C.H.S' مترجم : جناب انجینئر نوید احمد صاحب

3۔ میرج پوائنٹ 'یاسین آباد' مترجم : جناب اعجاز لطیف صاحب

**ایک سالہ قرآن فہمی کورس** : انجمن سندھ کے تحت چھٹے ایک سالہ قرآن فہمی کورس

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

کا آغاز یکم فروری 2000ء سے ہوا۔ کورس سے 20 جدید تعلیم یافتہ حضرات استفادہ کر رہے ہیں۔ پانچویں ایک سالہ کورس کی تکمیل 29 حضرات و خواتین نے کی۔ کامیاب شرکاء کیلئے تقسیم اسناد کی تقریبات کا حضرات و خواتین کیلئے علیحدہ علیحدہ انعقاد کیا گیا۔

عربی گرامر کلاسز : اس سال شہر کے سات مقامات پر عربی گرامر کلاسز کا انعقاد ہوا۔ ان کلاسز سے مجموعی طور پر 50 حضرات استفادہ کر رہے ہیں۔

سمر کورس : حسب سابق اس سال بھی موسم گرما کی تعطیلات میں طلبہ و طالبات کے لئے سمر کورس منعقد کیا گیا جس میں 40 طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ 24 شرکاء نے کورس کی کامیابی کے ساتھ تکمیل کی جن میں اسناد کی تقسیم کے لئے خصوصی تقریب منعقد کی گئی۔

تصنیف و تالیف : قواعد تجوید کے عنوان سے ایک کتابچہ شائع کیا گیا۔ "چہرے کا پردہ" کے موضوع پر میثاق اور حکمت قرآن میں شائع ہونے والی مختلف تحریروں پر مشتمل کتاب کی تیاری کا 80 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ نیز عربی گرامر حصہ چہارم کی طباعت مکمل ہونے والی ہے۔

## مدرستہ البنات

دینی تعلیم کا حصول ہر مسلمان پر فرض ہے' خواہ وہ مرد ہو یا عورت۔ خواتین کے لئے اس کی اہمیت کہیں زیادہ ہے' کیونکہ ایک عورت کی گمراہی نسلوں کی گمراہی کا باعث بنتی ہے اور ایک عورت کے سیرت و کردار کی اصلاح نسلوں کے لئے خیر و برکت کا موجب ہوتی ہے۔ خواتین کے لئے دینی تعلیم کی اس اہمیت کی وجہ سے انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی نے قرآن اکیڈمی میں اگست 96ء میں مدرستہ البنات کا آغاز کیا۔ مدرسہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو خصوصی تائید و نصرت حاصل ہوئی اس کا مظہر یہ ہے کہ اکتوبر 96ء میں طلبہ و طالبات کی تعداد 68 تھی جب کہ روز بروز اضافے کے نتیجے میں جون 2000ء میں یہ تعداد تقریباً 150 ہے۔ الحمد للہ مدرسہ کے آغاز سے اب تک عربی گرامر کا کورس مکمل کرنے والی خواتین کی تعداد 54 ہے۔ اس مدرسہ میں طلبہ و طالبات مندرجہ ذیل کلاسز سے استفادہ کر رہے ہیں : 1) ایک سالہ قرآن فہمی کورس 2) قواعدِ تجوید 3) عربی گرامر 4) ترجمۂ قرآن حکیم (قواعد کے اطلاق کے ساتھ) 5) مطالعۂ قرآن حکیم کا منتخب نصاب 6) سیرت نبوی ﷺ 7) ماہانہ درسِ قرآن۔

© rasailojaraid.com

**<u>ہفتہ وار درسِ قرآن</u>** : مسجد جامع القرآن' قرآن اکیڈمی میں اردو زبان میں درسِ قرآن حکیم کی ہفتہ وار محفل بروز بدھ بعد نماز عشاء 1995ء سے منعقد ہو رہی ہے۔ اس محفل میں شرکاء کی اوسط حاضری 30 تا 40 رہتی ہے۔ مدرس کے فرائض اکیڈمک ڈائریکٹر انجینئر نوید احمد صاحب ادا کرتے ہیں۔

**<u>ماہانہ شب بیداری و تربیتی پروگرام</u>** : ہر انگریزی مہینے کے عموماً تیسرے ہفتہ ماہانہ شب بیداری و تربیتی پروگرام کا سلسلہ جاری رہا۔ یہ پروگرام بروز ہفتہ بعد نماز عشاء سے شروع ہو کر اگلے روز صبح گیارہ بجے تک جاری رہتا ہے۔ اس پروگرام میں مذاکرہ کی صورت میں مطالعۂ لٹریچر اور منتخب نصاب کے لیکچرز اور تذکیر بالقرآن کے سلسلے جاری ہیں۔

## شعبۂ سمع وبصر

© rasailojaraid

انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی کو مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے بعد یہ اعزاز حاصل ہوا کہ اس کے تحت شعبۂ سمع وبصر کا قیام عمل میں آیا۔ یہ شعبہ نومبر93ء سے کام کر رہا ہے اور ہر سال اس کی کارکردگی میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے۔

عرصہ زیر رپورٹ کے دوران اس شعبہ کی کارکردگی کے حوالے سے قابل ذکر امور حسب ذیل ہیں :

i۔ شعبہ میں 30 جون 2000ء کو ماسٹر کیسٹس کی تعداد حسب ذیل تھی :

آڈیو کیسٹس : 5270

ویڈیو کیسٹس : 824

ii۔ دوران سال اس شعبہ میں 23113 آڈیو کیسٹس اور 2024 ویڈیو کیسٹس ریکارڈ کیے گئے۔

## مکتبہ قرآن اکیڈمی

قرآن اکیڈمی میں قائم مکتبہ کی کارکردگی حوصلہ افزا رہی۔ مکتبہ کے اوقات کار صبح 9 بجے سے رات 8 بجے تک ہیں تاکہ دفتری اوقات کے بعد بھی مکتبہ سے استفادہ کیا جا سکے۔ مکتبہ پر نگرانِ انجمن کے علاوہ دیگر صاحبان علم جیسے مولانا ابوالاعلیٰ مودودی صاحب' مولانا [illegible] صاحب' مولانا یوسف اصلاحی صاحب' مولانا امین احسن اصلاحی

© rasailojaraid

صاحب وغیرہ کی کتب بھی مناسب تعداد میں دستیاب کی گئی ہیں۔ اس سال مکتبہ پر فروخت کے حوالے سے اعداد و شمار اس طرح رہے :

| | | | |
|---|---|---|---|
| آڈیو کیسٹس : | 322472 روپے | ویڈیو کیسٹس : | 147357 روپے |
| آڈیو کمپیوٹر CDs : | 98290 روپے | کتب : | 353905 روپے |

## کیسٹ لائبریری

کیسٹ لائبریری کے حوالے سے عرصہ زیر رپورٹ کا گزشتہ سال کے ساتھ حسب ذیل موازنہ ظاہر کرتا ہے کہ سال بہ سال کیسٹ لائبریری سے استفادہ کی صورت حال ترقی پذیر اور حوصلہ افزا ہے :

| | گذشتہ سال | امسال | اضافہ |
|---|---|---|---|
| ممبروں کی تعداد | 277 | 298 | 21 |
| جاری ہونے والے آڈیو کیسٹس | 2416 | 3059 | 643 |
| جاری ہونے والے ویڈیو کیسٹس | 709 | 930 | 221 |
| اسٹاک میں موجود آڈیو کیسٹس | 1511 | 2638 | 1127 |
| اسٹاک میں موجود ویڈیو کیسٹس | 527 | 745 | 218 |

© rasailojaraid.c

## کیسٹ کلب

کیسٹ کلب کے ممبران شہر کراچی کے کسی بھی علاقے میں ہوں محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے خطاب جمعہ کا کیسٹ ہر ہفتے گھر بیٹھے حاصل کر سکتے ہیں۔ اس اسکیم کا آغاز اگست 98ء میں کیا گیا۔ 30 جون 2000ء تک اس کلب کے ممبران کی تعداد 118 تھی جس میں اضافہ ہو رہا ہے۔

## نئے دستور العمل کا نفاذ

نومبر 99ء سے انجمن کے نئے دستور العمل کو نافذ کر دیا گیا۔ اس دستور کے مطابق فروری 2000ء میں 26 اراکین پر مشتمل مجلس شوریٰ کا انتخاب عمل میں آیا۔ نگران انجمن نے راقم (جناب زین العابدین جواد) کو دو سال کے لئے انجمن کا صدر نامزد کیا۔ بحمد اللہ راقم اپنی گیارہ رکنی مجلس عاملہ کے ساتھ حتی المقدور انجمن کی معمول کی سرگرمیاں جاری رکھنے اور ان میں مزید اضافے کے لئے کوشش کر رہا ہے۔ اس سلسلہ

© rasailojaraid.c

میں انجمن کے سیکرٹری جناب محمد نسیم الدین صاحب کا تعاون انتہائی قابل قدر ہے۔ راقم ان کی اور تمام اراکین مجلس عاملہ و شوریٰ کی خدمت میں ہدیۂ تشکر پیش کرتا ہے۔

## ذیلی مراکز

i) قرآن مرکز کورنگی : الحمدللہ کورنگی نمبر4' سیکٹرA-35 زمان ٹاؤن میں واقع قرآن مرکز95ء سے کام کر رہا ہے۔ اس مرکز میں ناظرہ قرآن کی تعلیم کی سہولیت سے کئی بچے اور بچیاں استفادہ کر رہے ہیں۔ تربیتی کلاس کے تحت بچوں اور بچیوں کے لئے ترجمۂ قرآن و حدیث' سیرۃ النبی ﷺ ' آداب زندگی اور دینی معلومات کی تدریس کا انتظام کیا گیا ہے۔ عربی گرامر کلاسز باقاعدگی سے منعقد ہوتی رہتی ہیں۔ مرکز میں کیسٹ و کتب لائبریری موجود ہے جس سے کئی ممبران استفادہ کر رہے ہیں۔ مرکز سے متصل جامع مسجد طیبہ میں بروز جمعرات بعد نماز عشاء ترجمۂ قرآن حکیم کی ہفتہ وار محفل باقاعدگی سے منعقد ہوتی ہے۔ ہر سال ایک سالانہ جلسہ کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں بچوں اور بچیوں کے درمیان حسن قراءت' تقاریر اور دینی معلومات عامہ کا مقابلہ کرایا جاتا ہے۔ اچھی کارکردگی دکھانے والے بچوں اور بچیوں کو انعامات دیئے جاتے ہیں۔ خواتین کی تعلیم و تربیت کے لئے تین کمروں اور ایک بڑے ہال پر مشتمل خواتین یونٹ کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے اور اس میں باقاعدہ تدریس کا آغاز ہو چکا ہے۔

ii) قرآن مرکز گلشن اقبال : گلشن اقبال / گلستان جوہر میں انجمن کے ذیلی مرکز کے قیام کے لئے پلاٹ کے حصول کی کوشش کی جارہی ہے۔ اس مد میں عطیات کی موصولی کا سلسلہ بھی شروع ہو چکا ہے۔

بلاشبہ مندرجہ بالا خدمات قرآنی اللہ سبحانہ تعالیٰ کی فضل و کرم سے ہی ممکن ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری کاوشوں کو قبول فرمائے اور اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی کتاب کی زیادہ سے زیادہ خدمت کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین

از طرف

زین العابدین جواد' صدر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# انجمن خُدّام القرآن پنجاب' ملتان

## دورۂ ترجمۃ القرآن

حسب روایت امسال بھی انجمن خدام القرآن ملتان کے زیرِ اہتمام دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام کا انعقاد ہوا۔ اس پروگرام کی سعادت جناب چوہدری رحمت اللہ بٹر صاحب کے حصہ میں آئی۔ شرکاء کی تعداد تقریباً 125۔100 افراد پر مشتمل رہی جو کہ Week End پر 150 سے تجاوز کر جاتی تھی۔ دوران پروگرام بارہ رکعتوں کے بعد چائے کا وقفہ ہوتا تھا' جس میں شرکاء کی خدمت میں چائے' سموسہ' بسکٹ اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ بفضل باری تعالیٰ یہ پروگرام بھرپور رہا۔ 30 حضرات نے سُنّتِ اعتکاف ادا کی۔ لیلۃ القدر کی رات 400 حاضری تھی۔

دوسرا پروگرام قرطبہ کمپلیکس قرآن اکیڈمی نیو گارڈن ٹاؤن ملتان کینٹ میں ہوا۔ اس پروگرام میں ایک ایک گھنٹہ کے دو لیکچرز بیس روز تک دیئے گئے۔ مدرس کے فرائض جناب محمد سلیم اختر صاحب نے ادا کیے۔ وہاں پر حاضری 40 کے قریب رہی۔

## شہر ملتان میں حلقہ ہائے دروسِ قرآنی

انجمن خدام القرآن کا بنیادی مقصد ہی فکر قرآنی کو عام کرنا ہے۔ اسی مقصد کے حصول کی خاطر راقم الحروف کے علاوہ سعید اظہر صاحب اور محمد سلیم اختر بھی درسِ قرآن کی ذمہ داریاں باقاعدگی سے ادا کرتے رہے۔ راقم الحروف کے دروسِ قرآن شہر ملتان میں ڈائریکٹوریٹ' مسجد زکریا یونیورسٹی' قرآن اکیڈمی' فہم القرآن اکیڈمی میں ہفتہ وار ماہانہ بنیادوں پر باقاعدگی سے ہوتے رہے۔

**نماز ظہر کے بعد مطالعہ احادیث** : دوران سال نماز ظہر کے بعد نبی اکرم ﷺ کی تعلیمات کو عام کرنے کے لئے درس حدیث کا اہتمام باقاعدگی سے ہوتا رہا' جس کی ذمہ داری شہباز نور صاحب نے ادا کی۔

**شعبہ تحفیظ القرآن** : شعبہ حفظ میں دوران سال 2 سیشن باقاعدگی سے کام کرتے رہے۔ دوران سال 7 بچوں نے قرآن مجید حفظ کیا اور ان کی جگہ پر نئے داخلے بھی مکمل

© rasailojaraid.com

کیئے گئے۔ قاری محمد شاہد صاحب اس شعبہ کے انچارج ہیں۔

**شعبہ تجوید القرآن** : دوران سال عصر تا مغرب یہ شعبہ بھی باقاعدگی سے جاری رہا۔ اس وقت اس شعبہ میں تقریباً 35 بچے زیر تعلیم ہیں۔ قاری محمد عثمان صاحب اس شعبہ کے انچارج ہیں۔

## اقرأ سکول کی نئی کلاس 2000ء کا اجراء

یہ سکول ان بچوں کے لئے ہے جن کے والدین تعلیم کے اخراجات کا بوجھ اٹھانے سے قاصر ہیں۔ اس سکول کے تحت صرف تین سال میں بچوں کو پرائمری پاس کروایا جائے گا۔ پچھلے سال جاری ہونے والی کلاس کے طلبہ اس وقت تیسری جماعت میں پڑھ رہے ہیں' جبکہ امسال نئی کلاس کا اجراء ہوا اور ایک عدد نئے استاد کا انتخاب کیا گیا۔ موصوف [illegible] صاحب M.A.B.Ed ہیں۔ اس وقت نئی کلاس میں حاضری 35 ہے۔

## پانچ روزہ تفہیم دین پروگرام

انجمن کے زیر اہتمام ایک چار روزہ تفہیم دین پروگرام کا اہتمام کیا گیا جس میں انجینئر مختار حسین فاروقی صاحب' ڈاکٹر عبد السمیع صاحب' حافظ عاکف سعید اور اختتامی تقریب سے امیر محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد نے خطاب فرمایا۔ اس پروگرام میں تقریباً 500 افراد نے شرکت کی اور ڈاکٹر اسرار صاحب نے "پاکستان دوراہے پر" کے موضوع پر فکر انگیز خطاب فرمایا۔ خواتین کی بھی تعداد 125 کے لگ بھگ تھی۔

## اصلاح الرسوم اور خطبہ نکاح

الحمدللہ کہ شہر ملتان میں ہماری جامع مسجد سادگی کے ساتھ سُنّتِ رسول ﷺ کے مطابق نکاح کے انعقاد کے لئے متعارف ہو چکی ہے۔ لوگوں کو بے جا رسومات سے اجتناب برتنے اور سُنّتِ رسولؐ کو زندگی کے ہر شعبہ میں اختیار کرنے کی تلقین کی جاتی ہے۔

## لائبریری و شعبہ سمع وبصر

اس شعبہ کے زیر اہتمام دورۂ ترجمۂ قرآن' خطبات جمعہ و دیگر لیکچرز کی ریکارڈنگ باقاعدگی سے ہوتی رہی۔ پورا سال باقاعدگی سے سٹال لگایا گیا۔ اس شعبہ میں T.V اور V.C.R استفادہ عام کے لئے موجود ہیں۔

© rasailojaraid.com

## مرد حضرات کے لئے عربی کلاس

1۔ ماہ رمضان کے فوراً بعد عربی کلاس کا اجراء کیا گیا' جس میں 8 طلبہ نے شرکت کی۔ یہ کلاس ایک ماہ تک جاری رہی' جس میں طلبہ کو بنیادی عربی گرامر کے قواعد پڑھائے گئے۔ استاد کی ذمہ داری شہباز نور صاحب نے ادا کی۔

2۔ دوسری کلاس محمد زاہد صاحب نے پڑھائی' جس کا دورانیہ تین ماہ تھا۔ کورس مکمل کرنے والا طلبہ کو اسناد دی گئیں۔

## تعمیراتی کام

دورانِ سال تعمیراتی کام بھی جاری رہا' جس میں سیوریج' سولنگ اور خواتین کا الگ راستہ بنایا گیا۔

© rasailojaraid.co

# حلقہ خواتین کی سرگرمیاں

## دورۂ ترجمۂ قرآن و عربی کلاس کا اجراء

دورانِ سال یہ کلاس باقاعدگی سے اکتوبر 99ء تا جون 2000ء جاری رہی۔ یہ کلاس ہفتہ میں چار دن ہوتی ہے۔ اس کلاس میں طالبات کی تعداد 25 ہے اور معلم کے فرائض پروفیسر صغریٰ خاکوانی ادا کر رہی ہیں۔

## ماہانہ درسِ قرآن

ہر ماہ کے پہلے سوموار خواتین کا عمومی اجتماع ہوتا ہے۔ جس میں حاضری 50 سے زائد ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ بقیہ ہر سوموار عصر تا مغرب خواتین کا درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں تنظیمی خواتین شامل ہوتی ہیں۔

مرتب

ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی

نائب صدر

© rasailojaraid.co

# انجمن خُدّام القرآن فیصل آباد

## 1۔ درسِ قرآن

گزشتہ برس کی طرح اس مرتبہ بھی صدر انجمن خدام القرآن فیصل آباد ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب زیادہ عرصہ بیرون ملک رہے۔ ان کی غیر موجودگی میں محمد رشید عمر، سید کفیل احمد ہاشمی اور پروفیسر خان محمد نے مدرس کی ذمہ داری ادا کی۔ ماہانہ درسِ قرآن جمعۃ المبارک کی بجائے اب ہر ماہ کے پہلے اتوار کو ہوتا ہے۔

© rasailojaraid.c

## 2۔ خطاب امیر محترم

گزشتہ برس سالانہ اجلاس کے لئے امیر محترم فیصل آباد تشریف لائے اور تین مقامات پر خطاب کیا۔

i۔ خطاب جمعہ، قرآن اکیڈمی فیصل آباد، حاضری 1600 افراد تقریباً

ii۔ سالانہ اجلاس کی کاروائی اور خطاب، بمقام حمید پیلس، حاضری تقریباً 150 افراد

iii۔ درسِ قرآن، مسجد اتفاق، حاضری 200 افراد تقریباً

## 3۔ عربی کلاس

انجمن خدام القرآن فیصل آباد کے زیر اہتمام ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب نے العزیز مسجد میں عربی کلاس کا اہتمام کیا۔ اوسط حاضری 50 افراد رہی۔

## 4۔ دورۂ ترجمۂ قرآن

اس مرتبہ فیصل آباد میں تین مقامات پر دورۂ ترجمۂ قرآن ہوا۔

i۔ مسجد العزیز، مدرس ڈاکٹر عبدالسمیع، اوسط حاضری 80 افراد

ii۔ مسجد اتفاق، مدرس محمد رشید عمر، اوسط حاضری 20 افراد

iii۔ [illegible] مدرس مختلف رفقائے تنظیم، اوسط حاضری 16 افراد

© rasailojaraid.c

## 5۔ لائبریری

انجمن کی لائبریری سے اس سال 126 کتب' 366 آڈیو کیسٹس' جبکہ 96 ویڈیو کیسٹس کا اجراء ہوا۔

## 6۔ جرائد کا سالانہ اجراء

دفتر انجمن کے توسط سے ندائے خلافت کے 19' میثاق کے 12 اور حکمت قرآن کے 10 اجراء ہوئے۔

## مکتبہ

اس مرتبہ مکتبہ کی صورت حال الحمدللہ بہت بہتر رہی۔ مکتبہ سے 14264 روپے کی کتب فروخت ہوئیں۔ 20 عدد ویڈیو کیسٹس فروخت ہوئیں جن کی مالیت تقریباً 3600 روپے ہے۔ 296 آڈیو کیسٹس فروخت ہوئیں جن کی مالیت 8070 روپے جبکہ 2450 روپے مالیت کی 35 عدد CDs فروخت ہوئیں۔ اس کے علاوہ الہدیٰ انٹرنیشنل فیصل آباد نے بھی ریکارڈنگ کا کام انجمن سے کروایا جس کے نتیجہ میں 16260 روپے کی 3667 کیسٹ ریکارڈ کر کے الہدیٰ انٹرنیشنل کو دی گئیں۔

## قرآن فاؤنڈیشن کے قرآن مجید

قرآن فاؤنڈیشن کے شائع کردہ قرآن مجید کے 104 نسخے تقسیم کئے گئے۔ انعامی طور پر 71 جبکہ 6450 روپے مالیت کے 43 نسخے قیمتاً تقسیم کئے گئے۔

---

# قارئین توجہ فرمائیں

حکمت قرآن کے قارئین نوٹ فرمالیں کہ رمضان المبارک کے دوران دفتری اوقات کار میں کمی اور عید الفطر کی تعطیلات کے باعث جنوری ۲۰۰۱ء کا شمارہ بروقت شائع نہ ہو سکے گا بلکہ جنوری فروری کا مشترکہ شمارہ شائع ہو گا۔

© rasailojaraid.

# انجمن خُدّام القرآن سرگودھا

الحمد للہ انجمن خدام القرآن سرگودھا اپنی عمر کے تین سال مکمل کر چکی ہے۔ اس دوران اللہ کے فضل و کرم سے سرگودھا شہر کی حد تک انجمن کا تعارف اور اس کے اغراض و مقاصد سے لوگوں کو بھرپور روشناس کرایا گیا۔ رواں سال میں ذاتی اور انفرادی رابطوں کے علاوہ لوگوں کو رجوع الی القرآن کی تحریک سے متعارف کروانے کے لئے مندرجہ ذیل پروگرام ترتیب دیئے گئے۔ سال 2000-1999ء کی قابل ذکر سرگرمیوں کا اجمالی خاکہ یہ ہے :

## 1۔ عظمت قرآن کانفرنس

© rasailojaraid.com

اس سلسلہ میں ایک تین روزہ کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ عوام کو بھرپور دعوت دی گئی۔ مقررین میں روایتی علماء کی بجائے دین کا درد رکھنے والے اور قرآن سے خصوصی محبت اور شغف کے حامل اصحاب علم و فضل کو مدعو کیا گیا۔ جن میں اکثریت پروفیسرز اور ڈاکٹر حضرات کی تھی۔ پروگرام ماشاء اللہ نظم اور حاضری کے لحاظ سے کامیاب رہا۔

## 2۔ تعارفِ قرآن و استقبال رمضان کانفرنس

3 دسمبر 1999ء کو ایک کانفرنس منعقد کی گئی جس میں قرآن اور رمضان کے باہمی تعلق پر خصوصی خطابات ہوئے۔ جناب پروفیسر فضل حق صاحب جو ایک عالم دین اور کالج میں سینئر پروفیسر ہیں انہوں نے عظمت قرآن پر پُر مغز اور سیر حاصل گفتگو کی۔ عظمتِ رمضان کے موضوع پر ڈاکٹر عبدالرحمن صدر انجمن نے کھل کر بات کی اور ماہ رمضان کی آمد کے حوالے سے رمضان کی برکات اور مسلمانوں کی روحانی ضروریات کا موازنہ کرتے ہوئے شرکاء کو دعوت دی کہ قرآن ہال میں دوران رمضان دورۂ ترجمہ قرآن میں شرکت فرما کر اپنے وقت کو قیمتی بنائیں اور آخرت کی رحمتیں سمیٹیں۔

## 3۔ دورۂ ترجمہ قرآن

بفضلہ تعالیٰ انجمن خدام القرآن سرگودھا کے تحت دورۂ ترجمہ قرآن کا سلسلہ 1997ء سے باقاعدگی سے جاری ہے۔ اس دفعہ چوتھا دورۂ ترجمہ قرآن ہوا' جس کی

© rasailojaraid.com

سعادت ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدر انجمن نے حاصل کی۔ شرکاء کی کل تعداد 40 سے 70 کے درمیان رہی۔

## 4۔ قرآنی ورکشاپس

قرآن کی دعوت کو وسعت دینے اور دائرہ کار کو بڑھانے کے لئے قرآنی ورکشاپ کے جدید تصور کو رائج کیا گیا، جس میں روایتی خطاب اور تقریر کے انداز کو جدید طریقہ تدریس میں ڈھالنے کا تجربہ کیا اور پروجیکٹر کے ذریعے قرآنی موضوعات کو شفافیوں (Transparencies) کی مدد سے سامعین کے دل و دماغ میں اتارنے کی کوشش کی گئی۔ اس کے ساتھ سامعین کو موضوع پر تحریری نوٹس بھی دیئے گئے۔ یہ تجربہ بہت کامیاب رہا۔ اللہ کے فضل سے لوگ ہر پروگرام میں بڑھ چڑھ کر شریک ہوتے رہے۔

ان پروگراموں میں صدارت کے فرائض کی سعادت ڈاکٹر عبدالرحمٰن نے حاصل کی۔

(ا) قرآنی ورکشاپ نمبر1، موضوع : توحید : موضوع کی اہمیت اور ضرورت کے تحت مختلف موضوعات پر یہ پروگرام منعقد کیا گیا، جس میں ہدف یہ رہا کہ قرآن و حدیث کے حوالے سے توحید عملی کی بنیاد پر ایمان کی نشو و نما کا جذبہ ابھرے اور اس کی بنیاد پر مطالبات دین کو پورا کرنے کا جذبہ پیدا ہو۔ پروگرام کے آخر میں سوال و جواب کے علاوہ سامعین سے حاصل گفتگو بیان کرنے کو کہا گیا۔ اس طرح سامعین کو Participants کے درجہ میں لا بٹھانے کی کوشش کی گئی تا کہ بات دل میں اتر کر عمل کا جذبہ پیدا کرے۔ یہ تجربہ اللہ کے فضل سے بہت حد تک کامیاب رہا اور ان شاء اللہ نتیجہ خیز بھی ثابت ہو گا۔ اس سلسلہ میں چار پروگرام کئے گئے :

(i) قرآن ہال (ii) جامع مسجد خیابان صادق

(iii) جامع مسجد فاروقیہ (iv) دارالعلوم پھلروان

ان پروگراموں کا دورانیہ چار گھنٹے کے قریب تھا۔ ہر پروگرام میں حاضری 30 سے 50 افراد کے درمیان رہی۔ پڑھے لکھے حضرات کی شمولیت نسبتاً زیادہ رہی۔ کچھ احباب کے اصرار پر بیرون شہر پھلروان میں بھی ایک پروگرام کیا گیا جس میں احباب نے بڑی محنت اور شوق سے شرکت کی۔ دارالعلوم کے مہتمم اور خطیب صاحب نے بھی اس میں شرکت کی۔

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

(ب) قرآنی ورکشاپ نمبر2' موضوع : رسالت : اس پروگرام میں قرآن و حدیث کے حوالہ سے منصب رسالت کو واضح کیا گیا اور کارِ رسالت کو سمجھنے کی اہمیت اور موجودہ دور میں ہماری ذمہ داری کو موضوع بنایا گیا۔

اس سلسلہ میں تین پروگرام ہو چکے ہیں۔ ان کا دورانیہ ڈھائی سے تین گھنٹے تھا۔ اگلا موضوع ان شاء اللہ "آخرت" ہو گا۔

## 5۔ دروسِ قرآن' قرآن ہال

(ا) منتخب نصاب پر ہفتہ وار درس باقاعدگی سے ہو رہا ہے۔

(ب) خواتین کا ماہانہ درسِ قرآن بھی باقاعدگی سے ہو رہا ہے۔

(ج) جامع مسجد خیابان صادق : روزانہ نماز فجر کے بعد درس قرآن' سورۃ البقرہ' مدرس : ڈاکٹر عبدالرحمٰن

(د) جامع مسجد جناح کالونی : پندرہ روز درسِ قرآن' بعد نماز عشاء' مدرس : ڈاکٹر عبدالرحمٰن

(ھ) فاروق کالونی : حاجی اللہ بخش صاحب کے مکان پر ہفتہ وار ترجمہ قرآن بذریعہ وڈیو

## 6۔ ترجمہ قرآن و عربی گرامر کلاس

قرآن ہال میں ہفتہ وار کلاس زیر سرپرستی حاجی اللہ بخش صاحب جس میں ترجمہ قرآن اور ابتدائی تجوید و گرامر کی مشق شامل ہے باقاعدگی سے ہو رہی ہے۔ اس کلاس میں ارکان کی شمولیت لازمی ہے' دیگر احباب بھی استفادہ کر رہے ہیں۔

## 7۔ شعبہ سمع و بصر

سال رواں کے دوران آڈیو کیسٹ سے کیسٹ کی ریکارڈنگ اور ٹی وی سے وڈیو ریکارڈنگ کا بندوبست کیا گیا تاکہ آڈیو کی حد تک ریکارڈنگ میں خود کفالت حاصل ہو۔ ٹی وی سے بھی پروگرام حقیقت دین ریکارڈ کر کے سنا اور سنایا جاتا ہے۔

## 8۔ مکتبہ

مکتبہ میں اس وقت کتب کی تعداد 979 ہے جس میں ڈاکٹر اسرار احمد صدر انجمن کی کتب کے علاوہ تفاسیر اور احادیث کی کتابیں بھی شامل ہیں۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

## 9۔ کیسٹ لائبریری

لائبریری میں کل 576 آڈیو اور 142 وڈیو کیسٹس تھیں جس میں سے سالِ رواں میں 329 آڈیو اور دو وڈیو کیسٹس جاری کیئے گئے۔

## 10۔ ارکان کی تعداد

ارکان کی کل تعداد : 29

دوران سال اضافہ : 4 (دو مرد اور دو خواتین)

رپورٹ

ملک خدا بخش

(معتمد عمومی)

© rasailojaraid.com


ماہنامہ 'القاسم' خالق آباد **تحفظ دینی مدارس** (دوسری خصوصی اشاعت)

ماہنامہ 'القاسم' کی پہلی خصوصی اشاعت کی مقبولیت کے بعد اس موضوع پر دوسری خصوصی اشاعت بھی منظر عام پر آ گئی۔ اس اشاعت میں حضرت سلیم اللہ خان، مولانا عاشق الٰہی مدینہ منورہ، مولانا محمد تقی عثمانی، مولانا قاضی عبدالکریم کلاچوی، مولانا قاضی عبداللطیف، مولانا عتیق الرحمٰن سنبھلی، شیخ الحدیث مولانا عبدالسلام، قاضی سجاد حسین اور مولانا مجاہد الحسینی کی وقیع تحریروں کے علاوہ مولانا عبدالقیوم حقانی کی ادارتی تحریر اور تاریخی شذرے شامل اشاعت ہیں۔ ۱۵ روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر خصوصی اشاعت مفت طلب فرمائیں۔ ۱۵۰ روپے یا اسی مالیت کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر سالانہ خریدار بنئے اور آئندہ خصوصی اشاعت 'مفتی کفایت اللہ نمبر' بھی مفت حاصل کیجئے۔

ملنے کا پتہ: جامعہ ابوہریرہؓ برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ سرحد پاکستان


© rasailojaraid.com

# انجمن خُدّام القرآن پشاور

1) لائبریری و مکتبہ : معمول کے مطابق انجمن کے تحت قائم لائبریری سے عوام الناس نے دوران سال بھرپور استفادہ کیا۔ علاوہ ازیں انجمن کے مکتبہ سے خاصی تعداد میں کتب' آڈیو اور ویڈیو کیسٹس نیز CDs فروخت کی گئیں۔

2) الکتاب کی تقسیم : قرآن فاؤنڈیشن لاہور کے تحت قرآن حکیم کے ترجمہ پر مبنی قرآن حکیم کی تقسیم نے یہاں سرحد میں خاصی مقبولیت حاصل کرلی ہے۔ سرحد کے دور دراز کے علاقوں سے مستحق طلبہ اور طالبات اس کے حصول کے لئے انجمن کے دفتر سے رابطہ کرتے ہیں جنہیں بروقت اس کی ترسیل کردی جاتی ہے۔

3) پشاور میں خواتین کے لئے ترجمہ قرآن کی سہولت فراہم کرنے کے لئے ادارہ الھدیٰ کو انجمن خدام القرآن سرحد کے مکتبہ سے آسان عربی گرامر کی کتابوں کے کئی سیٹ مفت مہیا کئے گئے۔

© rasailojaraid.com

4) ضلع سوات کے پُرفضا مقام میاندم میں تنظیم اسلامی کے مبتدی اور ملتزم رفقاء کے لئے منعقدہ تربیت گاہ میں انجمن خدام القرآن سرحد نے مقدور بھر معاونت کی۔ اس تربیت گاہ میں رفقاء کی ریکارڈ تعداد نے شرکت کی۔

۵) انجمن خدام قرآن سرحد کے تحت اس سال کا آخری اور بھرپور پروگرام انجمن خدام القرآن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد کی تقریر کا ایک پروگرام "پاکستان کے استحکام کی واحد اساس" کے موضوع پر یہاں مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا۔ اس پروگرام میں اسلامیہ کالج پشاور' لاء کالج پشاور' پشاور یونیورسٹی' شیخ زید اسلامک سنٹر اور مختلف کالجوں کے پاکستان سٹڈیز کے شعبوں کے اساتذہ کے علاوہ دیگر معروف شخصیات نے شرکت کی۔

6) انجمن خدام القرآن سرحد کے صدر جناب ڈاکٹر محمد اقبال صافی کی جانب سے عوام الناس کو انجمن کے اغراض و مقاصد سے باخبر کرنے کے لئے ایک خط لکھا گیا جس میں انجمن کے قیام کا پس منظر' قرآن اکیڈمی کے قیام کی غرض و غایت' اس کے اغراض و مقاصد اور اس کے اہداف کی نشاندہی کی گئی تاکہ انجمن خدام القرآن اور قرآن اکیڈمی کے قیام کے مقصد سے تعلیم یافتہ اور فہیم لوگ روشناس ہو سکیں۔

© rasailojaraid.com